www.dailyqadamat.com ●●● E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Member APNS/CPNE
ABC CERTIFIED
نوکِ قلم کی حرمت کا پاسبان
روزنامہ
Daily QADAMAT Lahore
قدامت
لاہور
ایڈیٹر انچیف
ایم گلزار مصطفائی
ایڈیٹر
کاشف شہزاد
مینجنگ ایڈیٹر
عمران انجم
جلد نمبر 15
بدھ 25 رمضان المبارک 1446ھ 26 مارچ 2025ء
قیمت 15 روپے
شمارہ نمبر 119

مزدور ملکی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی، ان کے بغیر زراعت و صنعت نہیں چل سکتی: ملک محمد احمد خان

پنجاب میں خصوصی لیبر کورٹس کے قیام کی قانون سازی جلد پنجاب اسمبلی سے جلد از جلد منظور کروایا جائیگا، ملک محمد احمد خان کا پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں ویلفیئر گرانٹس اور عیدی تقسیم تقریب سے خطاب



لاہور، قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں گرانٹ تقسیم کر رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب اسمبلی کی تاریخ میں ایک منفرد نظارہ اس وقت دیکھنے میں آیا جب اس ایوان میں، جہاں ملک کے بڑے بڑے سیاستدان اور اعلیٰ حکومتی شخصیات بیٹھتی ہیں، وہاں عام مزدوروں کو عزت واحترام کے ساتھ مدعو کیا گیا۔ بقیہ نمبر33

خیبرپختونخوا حکومت کا جامعات کو خود کفیل بنانے کا فیصلہ

پشاور (این ایل آئی) خیبر پختون خوا حکومت کی بقیہ نمبر13

وفاقی کابینہ کا اجلاس ایک دن کیلئے ملتوی، آج بدھ کو ہوگا

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) وفاقی کابینہ کا بقیہ نمبر14

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ ماجدہ کا انتقال

صدر، وزیراعظم، وزراء، وزراء اعلیٰ و دیگر سیاستدانوں کا دُکھ اور اظہار افسوس

والدہ کی وفات کے غم میں برابر کے شریک ہیں، فضل الرحمٰن، بلاول و دیگر

اسلام آباد (کائی نیوز) صدر مملکت آصف علی زر داری اور وزیراعظم شہباز شریف، وزراء، وزرائے اعلیٰ، چیئر مین سینٹ، سپیکر قومی اسمبلی، ارکان پارلیمنٹ، سیاسی رہنماؤں اور اہم شخصیات نے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کی وفات بقیہ نمبر32

کشمیریوں کو حق دلانا سلامتی کونسل کی ذمہ داری: پاکستان

کشمیری عوام سے استصواب رائے کے ذریعے حق خودارادیت کے حصول کا وعدہ کیا گیا، مسئلہ جموں وکشمیر بدستور سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود

بین الاقوامی امن اور سلامتی کی بحالی مسئلہ کشمیر کا حل ضروری ہے، معاون خصوصی وزیراعظم طارق فاطمی کا سلامتی کونسل میں کھلی بحث میں اظہار خیال

نیویارک (نیوز ڈیسک) پاکستان نے یو این میں کشمیر کے بارے میں قراردادوں پر عملدرآمد پر زور دیا ہے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی نے سلامتی کونسل میں منعقدہ کھلی بحث میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام سے استصواب رائے کے ذریعے حق خودارادیت کے حصول کا وعدہ کیا گیا۔ طارق فاطمی کا کہنا تھا کہ سلامتی کونسل کی ذمے داری ہے کہ وہ کشمیری عوام کے اس حق کو یقینی بنائے، مسئلہ جموں وکشمیر بدستور سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود ہے، بین الاقوامی امن اور سلامتی کی بحالی اس میں کارگر ثابت ہوگی۔ انہوں نے مزید بقیہ نمبر1

سندھ کے پانی کو پنجاب دیکھ بھی نہیں سکتا: عظمیٰ بخاری

ہماری پانی کی مینجمنٹ پر کوئی مداخلت نہیں کرسکتا، پی ٹی آئی والے ہماری درخواست پر بھاگ جاتے ہیں، بلاول بھٹو میں ہمت ہے تو انہیں کان سے پکڑ کر لے آئیں

صحت کا شعبہ مافیا سے گھرا ہوا، کسی کو بھی مریضوں کو ادویات سے محروم کرنے کی اجازت نہیں، عیدالفطر تک کوئی ایسا ملازم نہیں ہوگا جسے تنخواہ نہیں ملے گی، خطاب

لاہور (جنرل رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے ہماری درخواست پر بھاگ جاتے ہیں، اگر بلاول بھٹو میں ہمت ہے تو وہ انہیں کان سے پکڑ کر لے آئیں۔ پانی کی تقسیم پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب، سندھ کے پانی پر دعویٰ نہیں کرسکتا اور ہماری پانی کی مینجمنٹ پر کوئی مداخلت نہیں کرسکتا۔ صحت کے شعبے سے متعلق ان کا کہنا تھا کہ یہ مافیا کے نرغے میں ہے، لیکن کسی کو بھی مریضوں کو ادویات سے محروم کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے سرکاری ملازمین کے حوالے سے واضح کیا کہ وزیر بقیہ نمبر31

مضبوط معیشت اور بہتر خارجہ تعلقات کے بغیر ترقی ممکن نہیں: رانا ثناء

سیاسی استحکام اور ترقی لازم وملزوم ہیں، جمہوری روایات کے فروغ سے ملک میں استحکام ممکن ہوگا، وفاقی وزیر

پاکستانی ادارے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، رانا ثناء کی آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز کیساتھ گفتگو

اسلام آباد: وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء سے آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء نے کہا ہے کہ مضبوط معیشت بقیہ نمبر2

ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری ہے، ذیشان رفیق

وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں عوامی فلاح وبہبود کے اقدامات اٹھا رہے ہیں

وزیر بلدیات کی صدر آئل مارکیٹ ایسوسی ایشن عارف سے ملاقات میں گفتگو

لاہور (خصوصی رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف بقیہ نمبر4

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق سے صدر آئل مارکیٹ ایسوسی ایشن محمد عارف ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف کے کارکن موجودہ لیڈر شپ کی شکلوں سے نفرت کرتے ہیں، اعظم سواتی

اسلام آباد (کائی نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما اعظم سواتی نے کہا ہے کہ بقیہ نمبر5

وفاقی وزارت داخلہ نے خیبرپختونخوا حکومت سے افغان طلباء کا ریکارڈ طلب کرلیا

پشاور (کائی نیوز) وفاقی وزارت داخلہ نے خیبرپختونخوا حکومت سے افغان طلبا کا ریکارڈ طلب بقیہ نمبر3

وفاقی وزیر توانائی کا جلد بجلی کی قیمتوں میں کمی کرنے کا اعلان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر توانائی اویس خان لغاری نے میڈیا رپورٹس کو مسترد کرتے بقیہ نمبر6

پنجاب میں کاشتکاروں کیلئے ایک ہزار مفت ٹریکٹر سکیم کی ڈیجیٹل قرعہ اندازی

بٹن دبا کر ”گندم اگاؤ“ مفت ٹریکٹر انعامی سکیم کی ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی، پہلا ٹریکٹر بہاولنگر کی خاتون کاشتکار کوثر پروین کا نکلا

وزیراعلیٰ نے جھنگ کے اقبال، منڈی بہاؤالدین کے سلمان کو فون کرکے قرعہ اندازی کے تحت مفت ٹریکٹر نکلنے پر مبارکباد دی

لاہور (اپنے رپورٹر سے) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ”وزیراعلیٰ پنجاب ویٹ این سینٹیو پروگرام“ کے تحت گندم کے کاشتکاروں کے لئے ایک ہزار مفت ٹریکٹر سکیم کی قرعہ اندازی کرکے باقاعدہ آغاز کر دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کاشتکاروں کے لئے مفت ٹریکٹر پروگرام کا بٹن دبا کر ”گندم اگاؤ“ انعامی سکیم کے لئے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی۔ گندم اگاؤ مہم میں سب سے پہلا ٹریکٹر بقیہ نمبر34

Agriculture Department, Govt. of Punjab
BALLOTING OF TRACTORS
UNDER CHIEF MINISTER PUNJAB
WHEAT INCENTIVE PROGRAM
by
Honorable Chief Minister of Punjab
MARYAM NAWAZ SHARIF

وزیراعلیٰ مریم نواز نے ”وزیراعلیٰ پنجاب ویٹ این سینٹیو پروگرام“ کے تحت گندم کے کاشتکاروں کیلئے ایک ہزار مفت ٹریکٹر سکیم کی قرعہ اندازی کر رہی ہیں

ریکوڈک پراو جی ڈی سی ایل کے فنانسنگ انتظامات منظور

فزیبلٹی اسٹڈی مکمل، 627 ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کی تصدیق کرتے ہیں

2028ء میں پہلے مرحلے سے سالانہ 45 ملین ٹن پروسیسنگ شروع ہوگی، ترجمان

لاہور (رانا آصف سے) آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) بورڈ نے ریکوڈک کے لیے فنانسنگ انتظامات کی منظوری دے دی ہے۔ ترجمان او جی ڈی سی ایل کے مطابق ادارے نے ریکوڈک فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرلی ہے، بقیہ نمبر15

جھنگ میں پولیس مقابلہ: ایک ملزم ہلاک، 2 ساتھی فرار

ہلاک ہونیوالا ملزم ڈکیتی وقتل سمیت 50 وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھا

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ میں ہوئے پولیس مقابلے میں 1 ملزم ہلاک جبکہ اس کے 2 ساتھی فرار ہوگئے۔ پنجاب پولیس کے مطابق جھنگ بقیہ نمبر16

آئی جی پنجاب پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کے بہترین علاج معالجے کیلئے پرعزم

رواں سال مختلف اضلاع میں تعینات پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کو علاج کیلئے 4 کروڑ روپے سے زائد فنڈز جاری

مختلف سنگین بیماریوں کا شکار 22 بچوں کو علاج معالجے کیلئے 40 لاکھ روپے سے زائد دیئے گئے، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کے بہترین علاج معالجے کیلئے پرعزم ہیں جس کے تسلسل میں رواں سال لاہور سمیت مختلف اضلاع میں تعینات پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کو علاج بقیہ نمبر7

آئی جی ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کیساتھ ملاقات کے موقع پر ان سے اظہار شفقت کر رہے ہیں

سیالکوٹ، ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال ڈی سی آفس کے سبزہ زار میں پودے لگانے کے بعد دُعا کر رہے ہیں، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات اویس شاہد، انسپکٹر ماحولیات شاہد ڈوگر اور اشفاق نذر بھی موجود ہیں

پاکستان میں ایک بڑی تعداد بینکنگ سہولت سے محروم ہے: ایشیائی ترقیاتی بینک

مالیاتی اخراج خواتین پر مردوں کے مقابلے میں زیادہ اثر انداز ہوتا ہے، ان کیلئے بینکنگ سہولتوں تک رسائی کم ہے

24 کروڑ 10 لاکھ کی آبادی 60 فیصد بالغ افراد پر مشتمل، ملک میں 9 کروڑ 10 لاکھ انفرادی مالیاتی اکاؤنٹس موجود

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان میں فنانشل سروسز سے متعلق رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ پاکستان میں ایک بڑی تعداد بینکنگ سہولت سے محروم ہے، ترقی پذیر ایشیا میں ایک ارب سے زائد افراد بینکنگ سہولت سے محروم ہیں۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان میں فنانشل سروسز سے متعلق جاری کردہ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی 24 بقیہ نمبر30

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری اور ترکیہ کے قونصل جنرل درمس بستگ الحمراء میں رمضان المبارک کی مناسبت سے جاری کیلی گرافی کی نمائش دیکھ رہے ہیں

پشاور یونیورسٹی کا شعبہ صحافت ارشد شریف سے منسوب کرنے کا فیصلہ

پشاور (نیوز ڈیسک) پشاور یونیورسٹی کے شعبہ بقیہ نمبر17

چیچہ وطنی: مقامی کالج کا طالبعلم موٹر سائیکل حادثے میں جاں بحق

چیچہ وطنی (نامہ نگار) کالج سے گھر آتے ہوئے ٹرالر کی ٹکر سے طالب علم جاں بحق، نواحی

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ شجر کاری مہم کو کامیاب بنانے کیلئے پرعزم

ذوالقرنین لنگڑیال نے پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر سبزہ زار میں پودا لگایا

پاکستان کے کل رقبے کے لحاظ سے جنگلات کا تناسب انتہائی کم ہے، بات چیت

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا ہے کہ پاکستان کے کل رقبے کے لحاظ سے جنگلات کا تناسب انتہائی کم ہے۔ پاکستان بقیہ نمبر18

جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے وائلڈ لائف کی فیلڈ فارمیشن متحرک

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کومبنگ آپریشن کو مزید موثر بنا دیا گیا

بوریوالا، کوہ سلمان رینج، تونسہ، ڈی جی خان اور کوٹ ادو میں کامیاب کارروائیاں

لاہور (اپنے رپورٹر سے) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کومبنگ آپریشن کو مزید موثر بنا دیا بقیہ نمبر19

پنجاب بھر میں غیر قانونی بھٹے اور پلاسٹک بیگز کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی، مختلف شہروں میں 24 غیر قانونی نان زگ زیگ بھٹے گرائے جاچکے

16.1 ٹن غیر قانونی پلاسٹک بیگز ضبط، پلاسٹک آلودگی کیخلاف 17 مقدمات، 1.4 لاکھ روپے کے جرمانے عائد

لاہور (خصوصی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ماحولیاتی وژن کے تحت صوبے بھر میں ماحولیاتی آلودگی کے خلاف سخت اقدامات کیے بقیہ نمبر8

لاہور، وزیر صنعت وتجارت پنجاب چودھری شافع اور وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی کے ہمراہ ایرانی اور ترکیہ کے قونصل جنرلز کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

توہین رسالت کیس: 5 مجرموں کو پھانسی، عمر قید اور جرمانے کی سزا

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) توہین رسالت اور توہین قرآن پاک کیس میں راولپنڈی کی مقامی بقیہ نمبر9

افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کے انخلا میں 7 دن باقی

پاکستان چھوڑنے والے افغانیوں کی کل تعداد 8 لاکھ 76 ہزار سے تجاوز

31 مارچ تک ملک چھوڑنے کی آزادی، یکم اپریل کو کارروائی کا عندیہ

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) غیر قانونی، غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کے انخلا میں 07 دن باقی، حکومت پاکستان کی جانب سے غیر قانونی، غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو واپس بھیجنے کا فیصلہ، پاکستان چھوڑنے والے غیر قانونی افغان بقیہ نمبر28

چیچہ وطنی: مثالی زکریا گروپ آف سکول اینڈ کالجز کے وفد کی پریس کلب آمد

چیچہ وطنی (نامہ نگار) مثالی زکریا گروپ آف بقیہ نمبر29

چیچہ وطنی، گاڑی درخت سے ٹکرانے پر ایک شخص جاں بحق

چیچہ وطنی (نامہ نگار) سٹیرنگ خراب ہونے سے گاڑی درخت سے ٹکرا گئی جس کے نتیجہ میں ایک بقیہ نمبر20

11 ویں جماعت کے طلبہ کو ”گریس مارکس“ دینے کی منظوری

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ اسمبلی کی پارلیمانی بقیہ نمبر21

موجودہ افغانستان منشیات کا گڑھ، دہشت گردی کا معاون

طالبان کے قبضے کے بعد افغانستان میں دہشت گردی کے ساتھ منشیات بڑا مسئلہ

2022ء میں منشیات پر پابندی کے بعد بھی افیون کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبان کے زیر اثر افغانستان منشیات کا گڑھ، دہشتگردی کا معاون، طالبان کے قبضے کے بعد افغانستان میں دہشتگردی کے ساتھ منشیات بھی بڑا مسئلہ، 2022 میں منشیات پر پابندی کے بعد بھی افیون کی پیداوار میں خاطر خواہ بقیہ نمبر22

کم بارشیں، ڈیموں میں پانی کی شدید قلت، خشک سالی کے باعث فصلیں متاثر ہونے کا خدشہ

تربیلا اور منگلا ڈیموں میں ذخیرہ شدہ پانی کی شدید قلت ہے، محکمہ موسمیات کے خشک سالی مانیٹرنگ سینٹر کی ایڈوائزی جاری

یکم ستمبر 2024 سے 21 مارچ 2025 تک پورے پاکستان میں معمول سے کم چالیس فیصد بارش ہوئی، رپورٹ

لاہور (کائی نیوز) پاکستان میں چالیس فیصد کم بارشیں ہونے کے باعث خشک سالی کا خطرہ بڑھ گیا بقیہ نمبر23

صحافی فرحان ملک کے مزید ریمانڈ کی استدعا مسترد

صحافی جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل، درخواست ضمانت پر 27 مارچ تک نوٹس جاری

آپ کو مارا تو نہیں ہے؟ ہراساں تو نہیں کیا جارہا ہے؟ عدالت کا صحافی سے استفسار

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی کی عدالت نے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی جانب سے صحافی فرحان ملک کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی گئی۔ عدالت نے فرحان ملک کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا اور صحافی بقیہ نمبر27

کراچی میں واٹر ٹینکر کی ٹکر سے جاں بحق میاں بیوی اور نومولود کی نماز جنازہ ادا

کراچی (نیوز ڈیسک) ملیر ہالٹ پر واٹر ٹینکر کی بقیہ نمبر24

لاہور کی اوپن مارکیٹوں میں خریداروں کے استحصال کا سلسلہ بدستور جاری

سرکاری نرخنامے کی حیثیت آویزاں کرنے تک محدود، بعض مقامات پر دکانداروں نے آویزاں کرنا بھی گوارا نہ سمجھا

سبزیاں، پھل مہنگے داموں فروخت، ماہِ صیام کا تقدس پامال، عوام کی جانب سے ریلیف نہ ملنے کی دہائیاں، ذرائع

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کی بقیہ نمبر10

بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا جائے، ضیاء الدین

عوامی مسائل کے حل کے بلدیاتی نمائندوں اور اداروں کو با اختیار بنانا ہے

بااختیار بلدیاتی نظام ہی شہر لاہور کے سلگتے مسائل کا واحد حل ہیں، بات چیت

لاہور (کائی نیوز) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرے۔ بااختیار بلدیاتی نظام ہی شہر لاہور کے سلگتے مسائل کا واحد حل ہیں۔ عوامی مسائل کے حل کے بقیہ نمبر11

کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس کی بحالی کیلئے سکیورٹی کلیئرنس کا انتظار

کوئٹہ (کائی نیوز) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس کی بحالی کے بقیہ نمبر12

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ شمالی لاہور میں سیاسی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور، خواتین الحمراء میں رکھے گئے کیلی گرافی کے فن پارے دیکھ رہی ہیں

کسان کارڈ زرعی شعبہ کی ترقی میں سنگ میل: سید عاشق

وزیر زراعت ولائیوسٹاک کی زیر صدارت اجلاس، پروگرام فیرون پر تبادلہ خیال

کسان کارڈ کے فیرتو (خریف قرضے) کے میکنائزم پر بھی غور کیا گیا، ذرائع

لاہور (اپنے رپورٹر سے) وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق کرمانی کی زیر صدارت بنک آف پنجاب ہیڈ آفس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں وزیر اعلیٰ کسان کارڈ کے فیرون کے ریکوری امور کے علاوہ کسان کارڈ فیرتو کے بقیہ نمبر25

سپریم کورٹ بجلی کمپنیوں کا فرانزک آڈٹ کرائے: عرفان اسلم

معاہدوں کی شرائط پوری نہ کرنے پر معاہدے ختم، قانونی کارروائی کی جائے

فرانزک آڈٹ کرکے اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جائیں، بات چیت

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان فیبرک سٹیچنگ ایسوسی ایشن کے صدر عرفان اسلم نے سپریم کورٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی بنانے والی تمام کمپنیوں کا بقیہ نمبر26

لاہور، یو وی ٹی میں ”آرکیٹیکچر انڈرسٹیم اور ٹیکنالوجی کا پائیدار فن پراش“ کے موضوع پر ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کا وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کے ہمراہ گروپ فوٹو

بعدالت جناب وقار احمد ناگرہ صاحب تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

درخواست نظر ثانی تقسیم رقبہ موضع بھوپالپور خورد۔ عنوان: محمد اکرم وغیرہ بنام منظوراں بی بی وغیرہ۔ اشتہار بنام منظوراں بی بی دختر حشمت علی۔ بشیر احمد۔ رشید احمد۔ فرمان علی۔ محمد طارق۔ نذیر احمد۔ صفدر حسین پسران۔ نیامت بی بی۔ نذیراں بی بی۔ رشیداں بی بی دختران حشمت علی۔ اصغر علی ولد قائم دین۔ بیگاں بیوہ برکت علی۔ منظوراں بی بی بیوہ۔ محمد رشید پسر۔ کوثر پورین۔ شہناز بی بی دختران رشید احمد۔ محمد اقبال ولد عبدالستار۔ عبدالحمید ولد برکت علی۔ رحمت بی بی۔ روقیہ بی بی۔ معافیہ بی بی دختران عبدالحمید۔ جماعت علی پسر شریفاں بی بی۔ بلقیس بی بی دختر شریفاں بی بی۔ فضیلت بی بی دختر شریفاں بی بی۔ بشیراں بی بی دختر سراج دین۔ حشمت علی خاوند نذیراں بی بی۔ سکینہ دختر منگو ساکنان بھوپالپور تحصیل ظفروال ضلع نارووال۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 03-04-25 کو صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً دفتر آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کرے بصورت دیگر حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب حلقہ ریونیو آفیسر صاحب

تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

تصدیق انتقال 343 متوفی حشمت علی ولد نعرا رقبہ موضع امرال تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ حشمت علی موضع امرال میں مالک آراضی تھا جوفوت ہو چکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں منیر احمد۔ عبدالرؤف۔ ذوالفقار علی۔ محمد الیاس پسران۔ منظوراں۔ نسیم اختر۔ حلیمہ بی بی دختران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہوتو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب حلقہ ریونیو آفیسر صاحب

تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

تصدیق انتقال 157 متوفیہ رسولاں بی بی بیوہ محمد دین رقبہ موضع کھوسہ تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ رسولاں بی بی موضع کھوسہ میں مالک آراضی تھی جوفوت ہوچکی ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں محمد ارشد۔ محمد افضل پسران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہوتو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب فرزانہ وسیم صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ عارف والا

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: عائشہ بی بی بنام ماجد علی اشتہار بنام: ماجد علی ولد بشیر احمد سکنہ چک نمبر 51/SP تحصیل عارف والا۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 27-03-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب مصباح العین

عائشہ صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: مسماۃ سعدیہ رحمت بنام ناصر نواز اخبار اشتہار: ناصر نواز ولد حق نواز سکنہ گلی نمبر 4 محلہ Bhambha سنگھ بلڈنگ اچھرہ روڈ لاہور بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 26-03-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 20/A2L (بستی رحیم بخش) تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب محمد اکرم ولد نور محمد، متوفی بحق، وارثان بازگشت میں محمد عمران، عدنان اکرم پسران، فاخرہ اکرم، اقراء عمیر دختران متوفی کے وارثان میں شامل ہے انکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب بلال فیض رسول صاحب

سول جج درجہ اوّل ننکانہ صاحب

دعویٰ: استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی عنوان مقدمہ: سیف اللہ بنام یو مائیکرو فنانس بنک لمیٹیڈ برانچ ننکانہ صاحب وغیرہ اشتہار بنام: یو مائیکرو فنانس بنک لمیٹیڈ برانچ ننکانہ صاحب بذریعہ مینجر، ریکوری آفیسر یو مائیکرو فنانس بنک لمیٹیڈ برانچ ننکانہ صاحب۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 14-04-2025 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب میاں اللہ دتہ

صاحب/ نائب تحصیلدار جھنگ

عنوان غضنفر عباس بنام ذکات حسین وغیرہ، درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 360 واقع موضع حویلی شیخ راجو تحصیل و ضلع جھنگ، اشتہار بنام ذکات حسین، آفتاب حسین، خالد حسین، ساجد حسین، واجد حسین پسران عبداللطیف اقوام شیخ انصاری، فیصل حیات، عمر حیات پسران ذکات حسین اقوام شیخ انصاری سکنائے موضع حویلی شیخ راجو تحصیل و ضلع جھنگ مسئول علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا میں بتاریخ 07-04-2025 عدالت زیر دستخطی حاضر ہوکر اپنا موقف پیش کریں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت میڈم عروسہ انجم صاحبہ

نائب تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

تصدیق انتقال 1481 متوفی ظفر علی ولد قائم علی رقبہ موضع ٹڈالہ سلہریاں تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ ظفر علی موضع ٹڈالہ سلہریاں میں مالک آراضی تھا جوفوت ہوچکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہوکر زیر فیصلہ ہے وارثان میں خورشید بیگم بیوہ۔ شوکت علی بھٹی۔ نصرت اقبال بھٹی۔ دائم بھٹی پسران۔ فہمیدہ بیگم۔ رفعت سلطانہ۔ طلعت احسن دختران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہوتو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت میڈم عروسہ انجم صاحبہ

نائب تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

تصدیق انتقال 356 متوفی محمد شفیق ولد محمد شریف رقبہ موضع شہزاد پور تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ محمد شفیق موضع شہزاد پور میں مالک آراضی تھا جوفوت ہوچکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہوکر زیر فیصلہ ہے وارثان میں محمد نفیس پسر۔ طاہرہ یاسمین دختر ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہوتو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب احسان نواز ساہی صاحب

سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ استقرار حق۔ آفتاب حسین بٹ وغیرہ بنام عوام الناس۔ اشتہار بنام۔ آفتاب حسین بٹ ولد غلام حسین بٹ، نسرین اختر، تسلیم اختر دختران غلام حسین بٹ، مسماۃ نازش ارم، مسماۃ شمائلہ ارم دختران غلام حسین بٹ، مسماۃ زبیدہ بیگم بیوہ غلام حسین بٹ اقوام بٹ سکنائے محلہ کریم پورہ لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 05-04-2025 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت میڈم عروسہ انجم صاحبہ

نائب تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

تصدیق انتقال 355 متوفیہ شریفاں بی بی بیوہ محمد شریف رقبہ موضع شہزاد پور تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ شریفاں بی بی موضع شہزاد پور میں مالک آراضی تھی جوفوت ہو چکی ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہوکر زیر فیصلہ ہے وارثان میں محمد شفیق۔ محمد سعید۔ محمد شکیل پسران۔ رقیہ بیگم دختر ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہوتو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب فرزانہ وسیم صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ عارف والا

درخواست اجازت فروختگی رقبہ، عنوان: مسماۃ ارم نذیر زوجہ اقبال علی شاہ سکنہ غلام محمد ٹاؤن عارف والا ضلع پاکپتن شریف بنام عوام الناس اشتہار بنام مسئول علیہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 28-03-2025 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب شیخ بابر جاوید صاحب

سول جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن کورٹس لاہور

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان ونفقہ، بعنوان: اقصیٰ ناز وغیرہ بنام محمد سلمان، اخبار اشتہار: محمد سلمان ولد منظور احمد حال مقیم محلہ نواب Nashkoor ٹاؤن کاہنہ نو ضلع لاہور کینٹ مستقل پتہ سکنہ ڈاکخانہ اشرف شاہ Gulhari تحصیل میلسی ضلع وہاڑی بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 26-03-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب اعجاز احمد امتیاز صاحب

سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: محمد عارف وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ، اشتہار بنام: ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن مزنگ لاہور بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 26-03-2025 اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

عاق نامہ

میں اپنے پسر ریاض عرف شاہد ولد محمد شریف کو بوجہ نافرمانی، گستاخی، غلط چال چلن اور بری حرکات کی وجہ سے اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے خاندان کے دیگر افراد کا اس کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہ ہے اور نہ ہی ہم اس کے قول و فعل اور لین دین کے ذمہ دار ہوں گے۔ المشتہر: محمد شریف ولد محمد دین ساکن کوٹ یعقوب منڈی فیض آباد تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔

بعدالت جناب میاں اللہ دتہ

صاحب/ نائب تحصیلدار جھنگ

عنوان گل باز بنام مختار حسین وغیرہ، درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 29/28 واقع موضع قطب تحصیل و ضلع جھنگ، اشتہار بنام مختار حسین، شیر محمد، پسران بابل، رب نواز، حق نواز پسران محمد بخش اقوام جٹ کلاسن ساکنائے موضع قطب تحصیل و ضلع جھنگ مسئول علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا میں بتاریخ 07-04-2025 عدالت زیر دستخطی حاضر ہوکر اپنا موقف پیش کریں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب احسان نواز ساہی صاحب

سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ استقرار حق۔ ندیم حسین بٹ وغیرہ بنام عوام الناس۔ اشتہار منجانب۔ ندیم حسین بٹ، نعیم حسین، نوید حسین بٹ، اظہر حسین، مظہر حسین بٹ پسران فضل حسین بٹ، صوبیہ شاہین، طاہرہ رفیق دختران فضل حسین بٹ، شمیم اختر بیوہ فضل حسین بٹ اقوام بٹ سکنائے محلہ کریم پورہ لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 05-04-2025 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 10/1L تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب محمد انور ولد سیف الرحمٰن متوفی بحق وارثان بازگشت میں سیف الرحمٰن والداش (بعد میں فوت شد)، فرزانہ بیوہ اش، علی اکبر، قمر شہزاد، عامر سجاد پسران، مبرہ، مبشرہ دختران متوفی کے وارثان میں شامل ہے انکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منتقلی میٹر بجلی

محمد فہیم اختر ولد چوہدری نذیر احمد ساکن چک نمبر L 54/2 اوکاڑہ نے کنکشن میٹر بجلی نمبر 46-11433-0350501R مسمی عامر اسلام ولد عبدالرحمٰن (شناختی کارڈ نمبر 35302-1911097-3) کو فروخت/منتقل کر دیا ہے۔ اگر کسی کو کوئی اعتراض ہوتو اخبار اشتہار کی اشاعت کے سات یوم کے اندر رابطہ کرے۔ منجانب: عامر اسلام ولد عبدالرحمٰن، رابطہ نمبر 0304-9213279

بعدالت جناب محمد افضل شاہد صاحب

نائب تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

تصدیق انتقال------متوفیہ سراجاں بی بی بیوہ محمد سائیں رقبہ موضع بگولڑ تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ سراجاں موضع بگولڑاں میں مالک آراضی تھی جوفوت ہوچکی ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہوکر زیر فیصلہ ہے وارثان میں محمد یونس۔ رشید احمد۔ امانت علی۔ ناصر محمود پسران۔ ملیماں بی بی۔ رشیداں بی بی۔ سلیماں بی بی۔ نسیم بی بی دختران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہوتو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب عاشی عظمت صاحبہ

سول جج درجہ اوّل تاندلیانوالہ

درخواست اجازت بابت فروختگی جائیداد، بعنوان: فاطمہ بی بی بیوہ نصراللہ ساکن چک نمبر 546 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 27 مارچ 2025 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب رائے

محمد رضا شیر صاحب

سول جج گارڈین کورٹ ماڈل ٹاؤن کورٹس لاہور

درخواست زیر دفعہ 12 / 7 گارڈین، بعنوان: سید محمد امین بنام سیدہ نورین سجاد وغیرہ، سید محمد امین ولد سید امین الحیات سکنہ مکان نمبر 377 بلاک K-1 واپڈا ٹاؤن لاہور بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 27-03-2025 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب شمروز افتخار صاحب

سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: جاوید اقبال بنام زاہد خان وغیرہ، اشتہار بنام: زاہد خان ولد نامعلوم سکنہ 2Baldev مسن نمبر 2 فلور رائل پارک لکشمی چوک لاہور، مہوش اقبال زوجہ منور عباس، منور عباس ولد اللہ بخش ساکنان 2Baldev مسن نمبر 2 فلور رائل پارک لکشمی چوک لاہور بنام مدعا علیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعا علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 17-04-2025 اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 11/1L تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب محمد علی ولد اللہ دین متوفی بحق وارثان بازگشت میں صابراں بی بی بیوہ (بعد میں فوت شد)، غلام نبی، محمد شریف، امانت علی، قمر پسران، صغراں بی بی، عنایت بیگم (بعد میں فوت شد)، خالدہ پروین دختران محمد سلیم انجم، محمد ندیم نواسے متوفی کے وارثان میں شامل ہے انکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منسوخی عاق نامہ

میں اپنے پسر حقیقی محمد عقیل کو بذریعہ اخبار اشتہار عاق کردیا تھا اب پسر محمد عقیل میرا فرمانبردار ہوگیا ہے اور میری ہربات مانتا اور خدمت گزار بن گیا ہے۔ اس سے میں بہت خوش ہوں اب میرا پسر حقیقی میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کا شرعی طور پر وارث ہے اور میں عاق نامہ منسوخ کرتا ہوں لہٰذا تمام ادارہ جات وعوام الناس نوٹ فرمالیں۔ المشتہر۔ محمد صدیق ولد محمد اسماعیل قوم کھوکھر سکنہ موضع رتہ متہ شمالی تحصیل و ضلع جھنگ

بعدالت جناب سمیرا اسلم صاحبہ

سول جج گوجرانوالہ۔ عنوان، عطاء الرحمٰن وغیرہ بنام صفیہ خاتون وغیرہ۔ دعویٰ استقرار حق وغیرہ۔ عطاء الرحمان ولد قاضی عبدالرحمٰن قوم اعوان ساکن دینہ نگر روڈ پونڈانوالہ چوک نزد مسجد فاروقیہ مکان نمبر 13 گوجرانوالہ۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 26-03-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تمثال زیب نعیم صاحبہ

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گوجرانوالہ

عنوان، رفاقت علی بنام مہک شہزادی۔ اپیل دیوانی۔ اخبار اشتہار بنام مہک شہزادی دختر محمد اسلم زوجہ رفاقت علی قوم شیخ ساکن گلہ فروٹ والا ارمان ٹاؤن کوٹ اسحاق حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 26-03-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ملک

محمد عاطف بن سعید صاحب

سینئر سول جج/سول ڈویژن گوجرانوالہ

عنوان، چوہدری اشفاق احمد خاں بنام محمد سلیم وغیرہ۔ دعویٰ استقرار حق وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام ضیاء اعجاز بیوہ محمد ابراہیم خاں پسر، عشاء شمشاد دختر شمشاد احمد خاں قوم راجپوت ساکن پاک ٹاؤن جی ٹی روڈ کامونکی ضلع گوجرانوالہ، DC صاحب گوجرانوالہ، تحصیلدار /سب رجسٹرار کامونکی ضلع گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 26-03-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب حلقہ ریونیو آفیسر صاحب

تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

تصدیق انتقال 363 متوفی بشارت علی شاہ ولد سید مقصود حسین شاہ رقبہ موضع نانٹوالی تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ بشارت علی شاہ موضع نانٹوالی میں مالک آراضی تھا جوفوت ہو چکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں سیدہ گلشن زہرہ بیوہ۔ سید حسین حیدر شاہ نقوی پسر۔ شہربانو۔ ام فروہ۔ طیبہ طاہرہ۔ بشریٰ نیاز۔ سیدہ انجم طاہرہ دختران۔ محسن نقوی۔ علی حیدر نواسے۔ گل زینب۔ گل نجف نواسیاں ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہوتو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نوید عباس مانگٹ

صاحب/گارڈین جج گجرات

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ برائے تقرری گارڈین عنوان روما شاہین بیوہ وقار احمد بھٹی سکنہ کنجاہ تحصیل و ضلع گجرات بنام عوام الناس اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ سائلہ نے نابالغان کا گارڈین مقرر ہونے کیلئے درخواست مذکورہ عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست سائلہ ہوتو اصالتاً یا وکالتاً یا بذریعہ مختار خاص عدالت ہذا میں مورخہ 14-04-2025 بوقت صبح 8 بجے حاضر ہوکر پیش کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط میرے اور مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب رائے

محمد رضا شیر صاحب

سول جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن کورٹس لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: مسماۃ زینب نعیم بنام محمد عرفان، اخبار اشتہار: محمد عرفان ولد ملک زمرد خان سکنہ مکان نمبر 144 بلاک نمبر 3 سیکٹر A2 ٹاؤن شپ لاہور بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 26-03-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مصباح العین

عائشہ صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: ثمینہ بی بی بنام زاہد حسین، اخبار اشتہار: زاہد حسین ولد ماجد حسین سکنہ مکان نمبر 438/20 گلی نمبر 2 چونگی امرسدھو لاہور کینٹ بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 27-03-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 12/1L تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب اللہ دتہ ولد نیاز علی متوفی بحق وارثان بازگشت میں سکینہ بی بی بیوہ (بعد میں فوت شد)، محمد ارشاد، ریاض احمد، محمد فیاض، محمد آصف پسران، ثمینہ کوثر، صائمہ کرن دختران متوفی کے وارثان میں شامل ہے انکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب زارا اسد صاحبہ

فیملی جج جھنگ

عنوان مقدمہ: سمعیہ جبین بنام اعجاز احمد۔ دعویٰ دلاء پانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام اعجاز احمد ولد نواز قوم بھٹی ساکن چاہ کبیر والا موضع نوٹ کوٹ تحصیل چوبارہ ضلع لیہ۔ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 26-03-2025 اصالتاً حاضر عدالت بوقت 09:00 بجے ہوں ورنہ یکطرفہ کاروائی ہوگی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگی۔

بعدالت جناب رائے

محمد شہریز خان صاحب

فیملی جج منڈی بہاءالدین

عنوان: رمشہ ریاض بنام افتخار احمد، دعویٰ تنسیخ نکاح، دعویٰ دلاپانے واپسی سامان جہیز، اشتہار اخبار بنام افتخار احمد ولد محمد حسن قوم کھرل سکنہ محلہ شفقت آباد منڈی بہاء الدین مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 28 مارچ 2025 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

اطلاع عام

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ منڈی بہاءالدین

بذریعہ اخبار اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد اشرف جاوید ولد راجے خان ساکن محلہ روشن پورہ شہر منڈی بہاءالدین تحصیل و ضلع منڈی بہاءالدین نے اپنی پوتی عیشہ فاطمہ، دختر محمد شاہد اقبال ساکن محلہ روشن پورہ شہر منڈی بہاءالدین کے ڈبل اندراج پیدائش میں سے ایک اندراج پیدائش (عتیقہ فاطمہ دختر محمد شاہد اقبال تاریخ پیدائش 06-08-2021 یونین کونسل نمبر 02 کنڈانوالہ) سے کینسل کرنے کے لیے درخواست گزاری ہے۔ جس پر کاروائی جاری ہے۔ اس سلسلہ میں بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ کسی کو بھی اس سلسلہ میں اعتراض ہوتو وہ اندر سات یوم زیر دستگی رابطہ کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور عذر قابل سماعت نہوگا۔ المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ منڈی بہاءالدین۔

بعدالت جناب محمد آصف صاحب

سول جج درجہ اول گجرات

دعویٰ استقرار حق معہ دادرسی مستلزمہ عنوان محمد الیاس بنام صوبہ پنجاب وغیرہ اشتہار بنام پٹواری حلقہ ٹھمکہ تحصیل و ضلع گجرات، انم رانی، لیٹی رانی دختران محمد ریاض پسر محمد صادق اقوام کشمیری ساکنائے ٹھمکہ تحصیل و ضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل عام طریقے سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 02-04-2025 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ھذا میں پیش ہوکر مقدمہ کی پیروی اور جوابدہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب شوکت

عباس رانجھا صاحب

سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان صابر علی بنام واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیئرمین واپڈا لاہور، ایکسین واپڈا لیسکو ڈویژن پھولنگر، آر او لیسکو ڈویژن پھولنگر، ایس ڈی او واپڈا سب ڈویژن چونیاں کی رورل تحصیل چونیاں ضلع قصور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 26.3.2025 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

صفحہ2 بولتے شہر

آئی جی ڈاکٹر عثمان انور نے 124 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دے دی، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (اپنے رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس میں افسران واہلکاروں کی پروموشن کا عمل جاری ہے جس کے تسلسل میں ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری کی زیرصدارت پروموشن بورڈ کا اجلاس آج سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا۔ ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد عابد خان، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون سلیمان سلطان رانا، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو لیاقت علی ملک، اے آئی جی ڈسپلن اور اے آئی جی لیگل اجلاس میں موجود تھے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ میرٹ اور قواعد وضوابط پر پورا اترنے والے 124 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ آئی جی پنجاب نے انسپکٹر کے عہدے پر ترقی پانے والے افسران کو مبارکباد دی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سب انسپکٹر سے انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی پانے والوں میں لاہور کے 31، شیخوپورہ کے 07، فیصل آباد کے 19، سرگودھا کے 13، ساہیوال کے 12، راولپنڈی کے 02، گوجرانوالہ کے 10، گجرات کے 12، ملتان کے 04، بہاولپور 03 اورڈی جی خان کے 11 سب انسپکٹرز شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب نے افسران کو ہدایت کی کہ پاکستانیوں کی بے لوث خدمت اور پاکستان کی بے خوف حفاظت کریں۔

حکومت نے سٹہ مافیا، منافع خوروں ذخیرہ اندوزوں کی سرپرستی میں چینی کی مصنوعی قیمتوں میں اضافے کو کامیابی سے روکا، شوگر ملز ایسوسی ایشن

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (پنجاب زون) کے ترجمان نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے چینی کی ایکس ملز اور ریٹیل قیمتوں کا معیار طے کرنے کے بعد سٹہ مافیا، منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کی سرپرستی میں چینی کی مصنوعی قیمتوں میں اضافے کو کامیابی سے روکا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ شوگر ملز ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک میں چینی کی کسی بھی قلت کو واضح طور پر مسترد کرتے ہوئے کہا گیا کہ صارفین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ملک میں چینی کافی مقدار میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ کریانہ مرچنٹس، سٹہ مافیا اور ذخیرہ اندوز چینی کی قیمتوں میں اضافے کی بے بنیاد افواہیں پھیلا کر چینی کی قیمتوں میں اضافے کا موجب بن رہے ہیں اور اتار چڑھاؤ کا باعث بنتے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ چینی کی قیمتیں حکومت کی مقرر کردہ حد پر آ گئی ہیں۔ شوگر انڈسٹری کی جانب سے حکومت کے ساتھ صارفین کے بہترین مفاد میں 19 اپریل تک ایک ماہ کیلئے موجودہ قیمت پر اتفاق کیا گیا ہے۔ شوگر انڈسٹری غریب عوام کیلئے رمضان کے مقدس مہینے میں 274 سٹالز کے ذریعے رعایتی چینی 130 روپے فی کلو میں فراہم کر رہی ہے۔ چینی کی برآمدات کی وجہ سے قیمتوں میں اضافے کی خبریں سراسر من گھڑت اور بے بنیاد ہیں۔

بعدالت جناب ADCR

صاحب/منڈی بہاءالدین

درخواست: محمد عرفان ولد عنائیت بنام صالحوں ولد روشن سکنہ ڈھوک نواں لوک تحصیل و ضلع منڈی بہاء الدین ہرگاہ مدعا علیہم بتقرر 19 اپریل 2025 کو اصالتاً یا وکالتاً بغرض پیروی پیش ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھی کے انتخابات آج ہونگے

ملک بھر سے ہومیو پیتھک ڈاکٹرز اپنے نمائندوں کا انتخاب کریں گے

ملک بھر کے ڈسٹرکٹ پاپولیشن دفاتروں میں الیکشن پنڈال قائم

دو بڑے گروپوں میں کانٹے دار مقابلہ متوقع/ پولنگ 9 سے 5 جاری رہیگی

لاہور (کائی نیوز) نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھی کے انتخابات ستمبر 2023 سے التوا کا شکار تھے۔ آخر کار عدالتی احکامات کی روشنی میں نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھی کے انتخابات آج 26 مارچ 2025 کو ہونے جا رہے ہیں۔ الیکشن میں ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کے دو بڑے گروپوں میں "کانٹے دار مقابلہ" متوقع ہے۔ ملک بھر میں ہومیو پیتھک ڈاکٹرز حق رائے دہی استعمال کرتے ہوئے نمائندوں کا انتخاب کریں گے۔ ملک بھر کے ڈسٹرکٹ پاپولیشن دفاتروں میں الیکشن پنڈال قائم کر دیے گئے۔ پولنگ کا عمل بغیر کسی وقفہ صبح 9 سے شام 5 بجے تک جاری رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھی کے انتخابات کا عمل ستمبر 2023 کو ہونا تھا لیکن ہومیو پیتھک ڈاکٹروں کے کچھ حلقوں کی جانب سے اعتراضات اٹھائے جانے پر معاملہ عدالتوں تک پہنچ گیا جس کے نتیجہ میں عرصہ ڈیڑھ سال سے انتخابات کا عمل التواء کا شکار رہا۔ آخر کار عدالتی احکامات کی روشنی میں انتخابات آج 26 مارچ کو ہونے جا رہے ہیں۔ انتخابات کے نتیجہ میں ملک بھر سے مجموعی طور پر 13 امیدواروں کو بذریعہ بیلٹ منتخب کیا جائے گا جس میں سے 11 جنرل سیٹ پر پریکٹشنرز کے نمائندے اور 2 ٹیچرز سیٹ پر ٹیچرز کے نمائندے منتخب کیے جائیں گے جبکہ 8 امیدواروں کی براہ راست نامزدگی کی جائے گی جس میں تمام صوبائی حکومتوں سے ایک ایک ہومیو پیتھک ڈاکٹر کی نامزدگی کی جائے گی اور 4 امیدواروں کو وفاقی حکومت کی جانب سے نامزد کیا جائے گا۔ انتخابات میں پنجاب سے جنرل سیٹ کے لئے 5، سندھ سے 3، خیبر پختونخواہ سے 2 جبکہ بلوچستان سے ایک امیدوار کو منتخب کیا جائے گا۔ انتخابات میں مجموعی طور پر دو بڑے گروپوں میں کانٹے دار مقابلہ متوقع ہے جس میں سے ایک گروپ سابقہ کونسل اراکین کا حمایت یافتہ ہے اور دوسرا ہومیو پیتھک الائینس پر مشتمل ہے۔ پنجاب سیٹ کیلئے مجموعی طور پر 26 ہومیو پیتھک ڈاکٹرز انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں جن میں ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد عمران، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد منیر احمد، ہومیو پیتھک ڈاکٹر مشہود اسلم ڈار، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد ضیغم حفیظ، ہومیو پیتھک ڈاکٹر عبدالباسط، ہومیو پیتھک ڈاکٹر ناصر احمد چوہدری، ہومیو پیتھک ڈاکٹر ظہیر احمد، ہومیو پیتھک ڈاکٹر ملک محمد حنیف، ہومیو پیتھک ڈاکٹر احسن لطیف، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد ذکریا قریشی، ہومیو پیتھک ڈاکٹر علی رضا چوہان، ہومیو پیتھک ڈاکٹر عمر علی واثق، ہومیو پیتھک ڈاکٹر خواجہ اعجا احمد، ہومیو پیتھک ڈاکٹر ملک قمر حسین، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد جمیل، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد عابد حسین، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد فرحان، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد سبطین محسن، ہومیو پیتھک ڈاکٹر بابر حسین، ہومیو پیتھک ڈاکٹر عمر حیات عباسی، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد اشفاق، ہومیو پیتھک ڈاکٹر نوید احمد، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد زبیر قریشی، ہومیو پیتھک ڈاکٹر کاشف عمران، ہومیو پیتھک ڈاکٹر غلام مرتضیٰ خان اور ہومیو پیتھک ڈاکٹر اسد پرویز قریشی شامل ہیں۔ ٹیچرز سیٹ کے لئے کل 5 امیدوار حصہ لے رہے ہیں جن میں ہومیو پیتھک ڈاکٹر ناصر محمود جاوید، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد فہیم حمید، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد اسماعیل فاروق نامی، ہومیو پیتھک ڈاکٹر عمر حیات عباسی اور ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد طاہر نظامی شامل ہیں۔ صوبہ سندھ سے ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد ثاقب، ہومیو پیتھک ڈاکٹر رانا طاہر امین، ہومیو پیتھک عذرا باری، ہومیو پیتھک ڈاکٹر علی اکبر، ہومیو پیتھک ڈاکٹر عمران سلیم، ہومیو پیتھک ڈاکٹر جنید اختر بخاری، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد اقبال، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد اسماعیل فاروق نامی، ہومیو پیتھک ڈاکٹر علی نواز، ہومیو پیتھک ڈاکٹر عظمیٰ ہاشمی، ہومیو پیتھک ڈاکٹر عمران احمد خان شامل ہیں۔ خیبر پختونخواہ سے ہومیو پیتھک ڈاکٹر شیر دراز، ہومیو پیتھک ڈاکٹر مقبول شاہ، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد سلیم خان، ہومیو پیتھک ڈاکٹر سلطان محمد اور ہومیو پیتھک ڈاکٹر زاہد علی شامل ہیں۔ بلوچستان سے ہومیو پیتھک ڈاکٹر احمد حسن بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ آج کے انتخابات میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے ہومیو پیتھک ڈاکٹرز بطور ووٹر 5 ووٹ، سندھ کے 3 ووٹ، خیبر پختونخواہ سے 2 ووٹ کاسٹ کریں گے جبکہ ٹیچرز سیٹ پر ہومیو پیتھک میڈیکل کالجز کے اساتذہ 2 ووٹ کاسٹ کریں گے۔ آج ملک بھر کے ہومیو پیتھک ڈاکٹرز اپنے ووٹ کی طاقت سے اپنے اپنے صوبوں سے نمائندوں کا چناؤ کریں گے اور منتخب شدہ نمائندے نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھی میں اپنا اپنا کردار ادا کریں گے۔ آج کے اس انتخابات کے نتیجہ میں منتخب ہونے والے ہومیو پیتھک ڈاکٹرز شعبہ ہومیو پیتھک کی بہتری کے لیے کیا اقدامات کر تے ہیں؟ یہ آنے والا وقت بتائے گا۔

جیل خانہ جات میں تاریخی ریفارمز کئے، نورالامین مینگل

محکمہ داخلہ نے گزشتہ ایک سال میں 100 سال پرانے قوانین کو اپڈیٹ کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل سے زیر تربیت اے ایس پیز کے وفد نے سول سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کا دورہ کرنے والے 17 انڈر ٹرینگ اے ایس پیز ان دنوں تربیت کیلئے پنجاب فورینزک سائنس اتھارٹی کیساتھ منسلک ہیں۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے نوجوان افسران سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر فورینزک سائنس اتھارٹی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہے ہیں۔ فورینزک سائنس اتھارٹی اب ریفرل لیب کی بجائے پرو ایکٹو کردار ادا کرے گی اور پوٹھوہار اور ملتان میں لیب کے قیام سے جہاں استعداد میں اضافہ ہوگا وہیں پینڈنگ کیسز کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے بتایا کہ محکمہ داخلہ نے گزشتہ ایک سال میں 100 سال سے زائد عرصے سے منجمد قوانین کو اپڈیٹ کیا۔ قدیم قوانین کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے معاشرے کیلئے مفید بنا رہے ہیں۔ نورالامین مینگل نے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں محکمہ جیل خانہ جات میں تاریخی ریفارمز کیے جن سے اسیران، اہل خانہ اور سوسائٹی سب کا فائدہ ہو رہا ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے پروفیشنل سروس کنڈکٹ بارے نوجوان افسران کی راہنمائی کی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان افسران کیریئر کی ابتدا سے ہی اپنے کام پر توجہ دیں اور اپنی سمت درست رکھیں۔ افسران جزبہ خدمت کے تحت بھرپور محنت اور لگن سے عوامی مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کریں۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے انڈر ٹرینگ اے ایس پیز کے سوالوں کے جوابات دیے۔ ملاقات کے اختتام پر سیکرٹری داخلہ نے انڈر ٹرینگ افسران کو اعزازی شیلڈز پیش کیں۔

سود: اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ سے اعلانِ جنگ

ارشادِ ربانی:۔ ☆مگر جولوگ سود کھاتے ہیں ان کا حال اس شخص کا سا ہوتا ہے جسے شیطان نے چھو کر دیوانہ کر دیا ہو (البقرۃ:275)

☆اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو کچھ تمہارا سود میں سے باقی رہ گیا ہے، اسے چھوڑ دو، اگر واقعی تم ایمان لائے ہو۔ لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے تمہارے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔ اب بھی توبہ کرلو (اور سود چھوڑ دو) تو اپنا اصل سرمایہ لینے کے تم حقدار ہو۔ نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ (البقرۃ:79-278)

فرمانِ نبوی ﷺ

☆سود مال کو گھٹاتا ہے اور صدقہ مال کو بڑھاتا ہے۔ (ابن ماجہ)

☆سات ہلاک کرنیوالی باتوں سے دُور رہو، ان میں سے ایک سود ہے۔ (بخاری)

☆رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے سود لینے والے پر، سود دینے والے پر، اس کے گواہ پر اور اس کے لکھنے والے پر۔ (ابوداؤد)

☆نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو بھی سود (کا لین دین) زیادہ کرتا ہے اس کا انجام مال کی کمی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ (ابن ماجہ)

سُود

آئیے سود کیخلاف مہم میں ہمارا ساتھ دیں
منجانب: تحریک انسداد سود
insdadesood@gmail.com

بقیہ 1

کہا کہ سلامتی کونسل کی ذمے داری ہے کہ وہ کشمیری عوام کے اس حق کو یقینی بنائے۔

بقیہ 2

اور بہتر خارجہ تعلقات کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء سے آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور آسٹریلیا کے تعلقات پر تبادلہ خیال اور باہمی تعاون پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر رانا ثناء کا کہنا تھا کہ سیاسی استحکام اور ترقی لازم وملزوم ہیں، جمہوری روایات کے فروغ سے ملک میں استحکام ممکن ہوگا، پاکستان خطے میں امن واستحکام کیلئے کلیدی کردار ادا کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط معیشت اور بہتر خارجہ تعلقات کے بغیر ترقی ممکن نہیں، پاکستانی ادارے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 3

کرلیا۔ وفاقی وزارت داخلہ کے فارن نیشنل سیکیورٹی سیل نے سیکرٹری داخلہ خیبر پختونخوا کو خط لکھ کر صوبے میں افغان طلباء کا ریکارڈ طلب کیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ فارن نیشنل سیکیورٹی سیل غیر ملکیوں سے متعلق ڈیش بورڈ کو اپ ڈیٹ کر رہا ہے، خیبر پختونخوا میں زیر تعلیم تمام افغان طلباء کا ڈیٹا 27 مارچ تک ارسال کیا جائے۔ واضح رہے کہ وزارت داخلہ نے تمام افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو 31 مارچ تک پاکستان سے نکلنے کی ہدایت کر رکھی ہے۔ وزارت داخلہ نے اپنے بیان میں غیر قانونی طور پر مقیم تمام غیر ملکیوں کو31 مارچ تک ملک سے جانے کا حکم دیا تھا اور ملک نہ چھوڑنے پر یکم اپریل سے ملک بدر کرنے کی وارننگ دی تھی۔

بقیہ 4

کی ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری ہے، عوام بھی اس مہم کی کامیابی کے لئے اپنا کردار ادا کریں، بادامی باغ ایک بڑی مارکیٹ ہے اس کی صفائی کے لئے تاجروں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئل مارکیٹ ایسوسی ایشن کے صدر عارف سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لئے بھرپور اقدامات اٹھارہی ہے، عوام کی زندگیوں میں خوشگوار تبدیلی لانے کیلئے بے پناہ منصوبے شروع کئے گئے ہیں۔ صدر آئل مارکیٹ ایسوسی ایشن عارف نے وزیر بلدیات کو یقین دہانی کرائی کہ بادامی باغ کے تاجر پنجاب حکومت کی ستھرا پنجاب مہم کی کامیابی میں ہر ممکن ساتھ دیں گے۔ انہوں نے پنجاب حکومت کی تجاوزات کے خلاف مہم کو بھی سراہا۔

بقیہ 5

لیڈر صرف عمران خان ہے، پی ٹی آئی کارکن موجودہ لیڈر شپ کی شکلوں سے نفرت کرتے ہیں۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بڑی احتیاط کر رہا ہوں جب سے رہا ہوا ہوں، بانی پی ٹی آئی عمران خان جن سے ملنا چاہتے ہیں، ان کو ملنے نہیں دیا جارہا، بانی جن سے نہیں ملنا چاہتے، ان کی ملاقات کروائی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے اس بات سے غرض ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو کس طرح جیل سے باہر نکالیں، کارکن موجودہ لیڈر شپ کی شکلوں سے نفرت کرتے ہیں اعظم سواتی نے کہا کہ ایک ہی لیڈر ہے وہ ہے بانی پی ٹی آئی، بانی پی ٹی آئی نے ہمیشہ قانون کی حکمرانی کی بات کی ہے، پی ٹی آئی کی لیڈر شپ کو ایسی حکمت عملی بنانی چاہیے کہ بانی کو باہر لایا جاسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے نہیں معلوم میری بانی سے ملاقات کرانے میں کیا خدشہ ہے، آرمی چیف والدہ کی وفات کا سن کر افسوس ہوا مائیں سب کی سانجھی ہوتی ہیں۔

بقیہ 6

ہوئے کہا ہے کہ ملک میں جلد بجلی کی قیمتوں میں کمی کردی جائے گی۔ پاکستان کے پہلے فاسٹ ای وی چارجنگ سٹیشن کے افتتاح کے موقع پر وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ ای وی پاکستان کا مستقبل ہے، حکومت گرین انرجی کے فروغ کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک چارجنگ یونٹ کو71 روپے سے کم کر کے 39 روپے کردیا ہے، بجلی کے نرخوں میں مزید کمی کی جائے گی، پرائیویٹ سیکٹر ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی کے مقابلے میں مستقبل مزید گرین اور صاف توانائی کا ہوگا۔

بقیہ 7

کیلئے 04 کروڑ روپے سے زائد فنڈز جاری کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ رواں سال 08 بچوں کی کوکلیئر امپلانٹ سرجریز کیلئے 01 کروڑ 32 لاکھ روپے کے فنڈز جاری کیے گئے۔ قوت سماعت کے دیگر عارضوں کا شکار 11 بچوں کو علاج معالجے کیلئے 08لاکھ 19 ہزار روپے کی رقم دی گئی۔ تھیلیسیمیا سے متاثرہ 159 بچوں کو طبی اخراجات کیلئے ماہانہ 15 ہزار اور مجموعی طور پر 71 لاکھ 55 ہزار روپے جاری کیے گئے۔ سیریبل پالسی سے متاثرہ 615 بچوں کا ماہانہ 10 ہزار روپے دیئے جارہے ہیں اور اسی طرح مختلف سنگین بیماریوں کا شکار 22 بچوں کو علاج معالجے کیلئے 40 لاکھ روپے سے زائد دیئے گئے۔ کینسر اور بون میرو ٹرانسپلانٹ کی مرض میں مبتلا 7 بچوں کو 40 لاکھ 50 ہزار روپے جاری کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ دل اور گردوں کی میجر سرجری کیلئے 08 بچوں کو 12 لاکھ 45 ہزار روپے دیئے گئے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کے علاج معالجے اور بحالی کیلئے بھرپور اقدامات جاری ہیں۔ پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کی زندگی آسان اور باوقار بنانے کیلئے ویلفیئر کررہے ہیں۔

بقیہ 8

جارہے ہیں۔ اس حوالے سے محکمہ ماحولیات (ای پی اے) نے غیر قانونی بھٹوں، پلاسٹک بیگز اور آلودگی پھیلانے والے صنعتی یونٹس کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا ہے۔ ای پی اے کی کارروائیوں میں پنجاب کے مختلف شہروں میں 24 غیر قانونی نان زگ زیگ بھٹے گرائے جاچکے ہیں، جن میں بھکر اور راولپنڈی میں 2، سرگودھا میں 3، بہاولپور میں 4 اور لودھراں میں 13 بھٹے شامل ہیں۔ حکام کے مطابق زگ زیگ ٹیکنالوجی نہ اپنانے والے مزید بھٹوں کے خلاف بھی کارروائی جاری رہے گی۔ پنجاب میں غیر قانونی پلاسٹک بیگز کے خلاف بھی کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا ہے۔ اس مہم کے دوران صوبے بھر میں 3,057 دکانوں، مارکیٹوں اور شاپنگ سینٹرز کا معائنہ کیا گیا، جبکہ غیر قانونی پلاسٹک بیگز فروخت کرنے پر 195 کاروباری مراکز کو نوٹس جاری کیے گئے۔ ماحولیاتی تحفظ کے تحت 16.1 ٹن غیر قانونی پلاسٹک بیگز ضبط کر لیے گئے، جبکہ پلاسٹک آلودگی کے خلاف 17 مقدمات درج کیے گئے اور 1.4 لاکھ روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔

بقیہ 9

عدالت نے بڑا فیصلہ دیتے ہوئے 5 مجرمان کو پھانسی، عمر قید اور 80 سال قید سخت سنا دی۔ عدالت نے فیصلے میں کہا کہ پانچوں مجرمان کو مجموعی 65 لاکھ روپے جرمانہ بھی ادا کرنا ہوگا، مجرمان محمد ارسلان، علی عباس، فیصل ریحان، خرم افضال اور زنیر سکندر کو سزا سنائی گئی۔ مجرمان کے خلاف ایف آئی اے سائبر کرائم نے مقدمہ درج کیا تھا، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج طارق ایوب نے فیصلہ سنا دیا۔ فیصلہ کے بعد پانچوں مجرمان کو اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا، عدالت نے قرار دیا کہ مجرمان نے گھناونا جرم کیا ہے یہ کسی رعایت کے مستحق نہیں، مجرمان کو اس وقت تک پھانسی پھندا پر لٹکائے رکھا جائے جب تک موت واقع نہ ہو۔ فیصلہ سنائے جانے کے وقت انتہائی سخت سیکیورٹی تھی جبکہ بڑی تعداد میں وکلا اور شہری موجود تھے۔

بقیہ 10

اوپن مارکیٹوں میں خریداروں کے استحصال کا سلسلہ بدستور جاری ہے، سرکاری نرخنامے کی حیثیت صرف آویزاں کرنے تک محدود ہوکر رہ گئی، بعض مقامات پر دکانداروں نے آویزاں کرنا بھی گوارا نہ سمجھا ۔رکاری نرخنامے میں آلو کچا نیا چھلکا درجہ اول کی قیمت 50 روپے مقرر کی گئی تاہم مختلف مقامات پر دکاندار 70 روپے تک فروخت جاری رکھی، آلو کچا چھلکا نیا درجہ دوم سرکاری نرخ 40 کی بجائے 50 سے 55 روپے، آلو کچا نیا چھلکا درجہ سوم 35 کی بجائے 40، پیاز درجہ اول 50 کی بجائے 70، پیاز درجہ دوم 40 کی بجائے 55 سے 60، پیاز درجہ سوم 30 کی بجائے 40، ٹماٹر درجہ اول 60 کی بجائے 80، ٹماٹر درجہ دوم 50 کی بجائے 60، ٹماٹر درجہ سوم 40 کی بجائے 45 سے 50، لہسن دیسی نیا 240 کی بجائے 370 روپیاور، لہسن چائنہ 600 کی بجائے 720، لہسن جی ون 375 کی بجائے 400 سے 420، ادرک تھائی لینڈ 420 کی بجائے 550، ادرک چائنہ 420 کی بجائے 550، کھیرا فارمی 30 کی بجائے 50 سے 55، مٹھی 50 کی بجائے 65 سے 70، بینگن 55 کی بجائے 80، بند گوبھی 40 کی بجائے 55 سے 60، پھول گوبھی 30 کی بجائے 50 سے 60، شملہ مرچ 70 کی بجائے 120 سے 130، بھنڈی 250 کی بجائے 280 سے 300، شلجم 30 کی بجائے 45 سے 50، اروی 160 کی بجائے 180، مٹر 115 کی بجائے 130 سے 140، کریلا 180 کی بجائے 200 سے 220، سبز مرچ 110 کی بجائے 150، ٹینڈیا ل فارمی 35 کی بجائے 50، گھیا کدو 50 کی بجائے 60 سے 65، پالک فارمی 45 کی بجائے 55 سے 60، گاجر چائنہ 55 کی بجائے 90 سے 100، کچنار 330 کی بجائے 370 سے 380 جبکہ گاجر دیسی 30 کی بجائے 35 سے 40 روپے کلو تک فروخت ہوئی۔ پھلوں میں سرکاری نرخنامے میں سیب ایرانی درجہ اول کی قیمت 290 روپے مقرر کی گئی تاہم مختلف مقامات پر دکاندار 430 سے 450 روپے کلو فروخت کرتے رہے، سیب ایرانی درجہ دوم 230 کی بجائے 300 سے 330، سیب کالا کولو پہاڑی درجہ اول 325 کی بجائے 450 سے 500، سیب کالا کولو پہاڑی درجہ دوم 260 کی بجائے 330 سے 350، سیب کالا کولو پہاڑی درجہ سوم 200 کی بجائے 230 سے 250، سیب کالا کولو میدانی درجہ اول 190 کی بجائے 250 سے 270، سیب کالا کولو میدانی درجہ دوم 110 کی بجائے 170 سے 180، سیب سفید درجہ اول 170 کی بجائے 220 سے 240، سیب سفید درجہ دوم 115 کی بجائے 150 سے 160، کیلا درجہ اول درجن 260 کی بجائے 350 سے 360، کیلا درجہ دوم درجن 190 کی بجائے 250، کیلا درجہ سوم درجن 120 کی بجائے 150 سے 160، امرود درجہ اول 220 کی بجائے 250، امرود درجہ دوم 160 کی بجائے 200، انار دانے دار 460 کی بجائے 600، انار قندھاری درجہ اول 495 کی بجائے 580 سے 600، انار قندھاری درجہ دوم 350 کی بجائے 380 سے 400، مسمی درجہ اول درجن 220 کی بجائے 250 سے 260، کنو سپیشل درجن 480 کی بجائے 700، کنو درجہ اول درجن 350 کی بجائے 600، خربوزہ درجہ اول 140 کی بجائے 200، خربوزہ درجہ دوم 80 کی بجائے 120 سے 140، پپیتا 235 کی بجائے 260 سے 280، اسٹابری درجہ اول 145 کی بجائے 180 سے 200، اسٹابری درجہ دوم 85 کی بجائے 100، کھجور عراقی 415 کی بجائے 500 سے 520، کھجور ایرانی 460 کی بجائے 550 سے 560 جبکہ کھجور اصیل 445 کی بجائے 470 سے 480 روپے کلو فروخت ہوئی۔

بقیہ 11

بلدیاتی نمائندوں اور اداروں کو بااختیار بنانا ہوگا۔ اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی اور موجودہ بلدیاتی ایکٹ میں آئینی ترمیم کی جائے تو ہی عوام کے بنیادی مسائل حل ہوسکیں گے۔ مضبوط اور بااختیار بلدیاتی نظام کی عدم موجودگی کے باعث عوامی مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ مسائل میں مسلسل اضافہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وسطی لاہور میں سیاسی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتےہوئے کیا۔ اجلاس میں نائب امیر جماعت اسلامی لاہور چوہدری محمد شوکت، صدر سیاسی کمیٹی جماعت اسلامی لاہور خالد احمد بٹ، سیکرٹری عامر نثار خان سمیت وسطی لاہور کے ذمہ داران موجود تھے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ حکومت نے بلدیاتی انتخابات اپنی مرضی کے مطابق نظام بنانے کیلئے مجوزہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ تشکیل دیا ہے جس کسی صورت قبول نہیں کریں گے اور عوام میں اس کے خلاف بھرپور مہم بھی چلائیں گے۔ امیر لاہور نے کہا کہ حکومت کو مجبور کریں گے وہ آزادنہ بلدیاتی الیکشن اور منتخب نمائندوں کو بااختیار بنانے کیلئے مجوزہ بلدیاتی ایکٹ میں اصلاحات کرے۔

بقیہ 12

لیے اہم اجلاس کل طلب کرلیا گیا، اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کریں گے۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ (ڈی ایس) ریلوے کوئٹہ عمران حیات نے بتایا کہ اعلیٰ سطح کے اس اجلاس میں کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس کی بحالی کے حوالے سے امور کا جائزہ لیکر کوئی اہم فیصلہ کیا جائے گا۔ ڈی ایس ریلوے کوئٹہ عمران حیات نے کہا کہ کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس کی بحالی کیا انتظامات مکمل ہیں، تاہم ٹرین سروس کی بحالی کے لیے سیکورٹی کلیرنس نہیں مل سکی۔ انہوں نے کہا کہ جعفر ایکسپریس حملےکے بعد سے ریلوے کو ہونے والے نقصان کا تخمینہ بھی لگایا جارہا ہے۔

بقیہ 13

جانب سے جامعات کو خود کفیل بنانے کے لیے 10 سال کا پلان تیار کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ نے سیکرٹری ہائر ایجوکیشن خیبر پختون خوا کو خط لکھا ہے۔ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے خط کے مطابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے تمام سرکاری جامعات کے چانسلر کا عہدہ سنبھال لیا ہے، وزیر اعلیٰ نے اعلیٰ تعلیم کی ترقی کے لیے مربوط اسٹریٹجی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ نے 21 دن میں اعلیٰ تعلیم کے 10 سال کے پلان کا مسودہ تیار کرنے کی ہدایت دی ہے، پلان میں قانونی، انتظامی اور مالی اصلاحات کی سفارشات شامل کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ خط میں لکھا گیا کہ جامعات کی خود کفالت، تحقیقی معیار اور روزگار کے مواقع بڑھانے پر توجہ دی جائے، اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن اور بین الاقوامی تعاون کی ضرورت ہو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے خط میں کہا گیا کہ اعلیٰ تعلیم کا پلان منظوری کے لیے صوبائی کابینہ میں پیش کیا جائے۔

بقیہ 14

آج ہونے والا اجلاس ایک دن کے لئے ملتوی کردیا گیا، وزیر اعظم شہباز شریف نے اجلاس کی صدارت کرنا تھی۔ وفاقی کابینہ اجلاس میں ملکی سیاسی ومعاشی صورتحال سمیت 12 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا جانا تھا تاہم اب اجلاس آج بدھ کو ہوگا۔ اجلاس میں پاکستان آرڈیننس فیکٹری اور ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا بورڈ ممبران کی تقرری اور بین الاقوامی تنازعات کے حل کے لیے کنونشن پر دستخط کی منظوری دی جائے گی۔ سفارتی مشن کے ارکان کے لیے تجارتی سرگرمیوں کے لئے وزارت خارجہ پاکستان اور ہنگری کی وزارت خارجہ وتجارت کے درمیان معاہدے پر دستخط کرنے کی منظوری دی جائے گی۔ وزارت صنعت و پیداوار اور بین الاقوامی مالیاتی کارپوریشن کے درمیان ای-موبلٹی پر تعاون کے معاہدے پر دستخط کرنے کی منظوری دی جائے گی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کی ہدایات سے متعلق وزارت داخلہ کی سمری کی منظوری ایجنڈے میں شامل کی گئی ہے۔ وسل بلور پروٹیکشن اینڈ ویجیلنس کمیشن ایکٹ، 2025 پر وفاقی کابینہ غور کرے گی جبکہ چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ (PTB) کا اضافی چارج سونپنے سے متعلق وفاقی کابینہ فیصلہ دے گی۔ وسائل کی نقل وحمل اور استعمال میں بہتری کے پروگرام پالیسی، پروگرام ٹو کی تکمیل پر وفاقی کابینہ غور کرے گی۔ انکم ٹیکس ترمیمی بل، 2025 کے ذریعے کل وقتی اساتذہ اور محققین کی آمدنی پر ٹیکس چھوٹ کی بحالی کی منظوری ایجنڈے میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ، 11 مارچ کو ہونے والے کابینہ کمیٹی برائے نجکاری کے فیصلے کی توثیق لی جائے گی۔ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کی جانب سے 13 اور 21 مارچ کو ہونے والے اجلاس کے فیصلوں کی توثیق بھی ایجنڈے میں شامل ہے۔

بقیہ 15

منصوبے پر 627 ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کی تصدیق کرتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق او جی ڈی سی ایل کا 5 اعشاریہ 6 ارب ڈالر کے ریکوڈک مائننگ پروجیکٹ میں 8 اعشاریہ 33 فیصد شیئر ہوگا۔ ترجمان او جی ڈی سی ایل کے مطابق ریکوڈک پروجیکٹ سے 13 اعشاریہ 1 ملین ٹن تانبا اور 17 اعشاریہ 9 ملین اونس سونا حاصل ہونے کی توقع ہے۔ او جی ڈی سی ایل ترجمان کے مطابق ریکوڈک پروجیکٹ کے 2028ء میں پہلے مرحلے سے سالانہ 45 ملین ٹن پروسیسنگ شروع ہوگی۔ ترجمان او ڈی سی ایل کے مطابق ریکوڈک کے پہلے مرحلے کی ترقی کیلئے 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری منظور کی گئی ہے۔

بقیہ 16

کے علاقے کشمیر کالونی کے قریب اہلکاروں نے ناکے پر 3 مشکوک افراد کو روکنے کی کوشش کی، جس پر ملزمان نے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بتایا کہ مرنے والا ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا ہے، جبکہ اس کے دونوں ساتھی موقع سے فرار ہوگئے۔ ہلاک ہونے والا ملزم ڈکیتی وقتل سمیت 50 وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھا۔

بقیہ 17

صحافت کو مقتول صحافی ارشد شریف کے نام سے منسوب کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ خیبر پختونخوا کے وزیر برائے اعلیٰ تعلیم مینا خان آفریدی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے پشاور یونیورسٹی کے شعبہ صحافت کو ارشد شریف کے نام سے منسوب کرنے کا کہا ہے۔ مینا خان آفریدی کا مزید کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے اعلان پر جلد کام شروع کیا جائیگا۔

بقیہ 18

کا صرف 4.8 سے 5.7 فیصد رقبہ جنگلات پر مشتمل ہے، جو عالمی معیار 25 فیصد سے کہیں کم ہے، جس کی وجہ سے یہ خطہ شدید موسمی تغیرات کا شکار ہوگیا ہے اس چیلنج سے نمٹنے کا واحد حل بھرپور شجرکاری ہے، یہ بات انہوں نے ڈی سی آفس کے سبزہ زار میں پودے لگانے کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات ڈاکٹر محمد اویس شاہد، انسپکٹر ماحولیات شاہد علی ڈوگر، یار محمد، اور سماجی کارکن اشفاق نذر بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال نے کہ پلانٹ فار پاکستان کے تحت ضلع سیالکوٹ کے تمام سرکاری سکولوں، ہسپتالوں، اور سرکاری اداروں میں شجرکاری جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جنگلات کا تحفظ نہ صرف ماحولیاتی توازن کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ معیشت اور آب و ہوا کے لیے بھی اہم ہے۔

بقیہ 19

گیا ہے۔ وائلڈ لائف کی ٹیم نے بورے والہ، کوہ سلیمان رینج، تونسہ، ڈی جی خان اور کوٹ ادوو میں کامیاب کارروائیاں کیں۔ بورے والہ میں 15 جنگلی کبوتروں کے شکار میں ملوث دو افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ ان کے قبضے سے نیٹ اور موٹر سائیکل ضبط کر کے جنگلی کبوتروں کو آزاد کر دیا گیا۔ کوہ سلیمان رینج کے دریائی علاقے میں کونج کو شکار سے بچانے کے لیے پیشگی اقدامات کیے گئے۔ سرویلنس ٹیم نے شکار کے لیے بنائی گئی چار خفیہ ہائیٹ آؤٹس کو مسمار کردیا۔ اس دوران کونج کا پرندہ سربیا میں ہجرت کر رہا ہے۔ تونسہ میں نیٹ لگا کر چڑیوں کو پکڑنے والے شکاری گینگ کو پکڑ لیا گیا۔ ڈی جی خان میں تھیٹا کے شکار کو ناکام بنایا گیا اور شکاریوں سے اسلحہ، ٹیپ ریکارڈر، سپیکر اور گولیاں برآمد کی گئیں۔ ملزمان کے خلاف نئے قوانین کے تحت مقدمات کا اندراج کیا جارہا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے یہ اقدامات ضروری ہیں۔

بقیہ 20

شخص جاں بحق، بنگلہ اوکانوالہ سے چیچہ وطنی آنے والی گاڑی کا سٹیرنگ اچانک خراب ہوگیا جو بے قابو ہوکر درخت سے ٹکرا گئی جس کے نتیجہ میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا، جبکہ متعدد افراد زخمی ہوگئے۔

بقیہ 21

کمیٹی نے کراچی میں انٹر سال اول کے طلبہ کو فزکس، کیمسٹری اور ریاضی میں گریس مارکس دینے کی منظوری دے دی۔ کراچی میں انٹر سال اول کے طلبہ کے نتائج کے معاملے پر قائم وزیر سندھ سید سردار شاہ کی کنوینر شپ میں قائم پارلیمانی کمیٹی نے فزکس، کیمسٹری اور ریاضی میں طلبہ کو گریس مارکس دینے کی منظوری دی۔ انٹر سال اول میں فزکس اور ریاضی میں 15/15 فیصد جبکہ کیمسٹری میں 20 فیصد مارکس دیے جائیں گے۔ پارلیمانی کمیٹی نے اس بات کی منظوری این ای ڈی کے سابق وائس چانسلر ڈاکٹر سروش لودھی کی زیر صدارت قائم فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کی مجوزہ رپورٹ پر دی ہے۔ یہ بات سندھ کے وزیر تعلیم سید سردار شاہ نے سندھ اسمبلی بلڈنگ میں ایم کیو ایم کے رکن عبدالوسیم، جماعت اسلامی کے رکن محمد فاروق اور پی آئی ٹی کے رکن عبدالرشید قریشی کے علاوہ دیگر پارلیمانی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس میں بتائی۔ سردار شاہ کا کہنا تھا کہ گریس مارکس دینے کی حتمی منظوری وزیر اعلیٰ سندھ دیں گے اور محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز اس فیصلے کا نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اراکین کا کہنا تھا کہ فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی نے بورڈ کے انتظامی ڈھانچے، اسیسمنٹ، آئی ٹی سیکشن کے علاوہ ایگزامینیشن پر کئی سوالات اٹھائے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ بات بھی ثابت ہوئی ہے کہ کراچی کے طلبہ کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ 8 برس سے نتائج مسلسل کم ہورہے ہیں۔ دیگر بورڈ سے بھی تقابل کریں تو کراچی کے نتائج کم ہورہے ہیں لہٰذا اب صرف کراچی کو نہیں بلکہ تمام بورڈز کے معاملات دیکھنے ہوں گے۔

بقیہ 22

اضافہ، افغانستان میں خشک افیون کی قیمتیں ریکارڈ سطح پر، اسمگلنگ زیادہ منافع بخش ہے۔ اقوام متحدہ کے دفتر برائے منشیات وجرائم (UNODC) کی رپورٹ کے مطابق طالبان کے زیر قبضہ افغانستان میتھ، ہیروئن اور افیون کی کاشت کا بڑا مرکز بن چکا ہے، جس سے طالبان کو مالی فائدہ ہوا ہے، منشیات کی صنعت سے جڑے افراد ہتھیار، انسان اور منشیات اسمگل کرنے میں ملوث ہیں، 2022 میں منشیات پر پابندی کے بعد بھی افیون کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا، 2024 میں افیون کی ضبطی کم ہوئی، جبکہ ہر برآمدگی میں اوسطاً نصف مقدار ضبط کی جاتی ہے، افغانستان میں خشک افیون کی قیمتیں ریکارڈ سطح پر پہنچ چکی ہیں، کیونکہ اسمگلنگ زیادہ منافع بخش ہے ، 2022 میں پابندی سے قبل قیمت 2 ہزار ڈالر فی کلو تھی جبکہ 2024 میں 6 ہزار ڈالر سے زائد ہے، منشیات کی آمدنی سے طالبان اسلحے کی غیر قانونی تجارت کو فروغ دے رہے ہیں، طالبان کی نام نہاد پابندی کے باوجود منشیات کی اسمگلنگ دگنی ہوئی، دنیا کو دکھایا گیا جھوٹ بے نقاب ہوچکا ہے ، افیون، ہیروئن اور میتھ کی بڑھتی کاشت سے خطے کو سنگین خطرات لاحق ہیں ، اقوام متحدہ کا افغانستان میں بڑھتی منشیات کی کاشت پر تشویش کا اظہار کیا ہے، طالبان کو منشیات کی عالمی اسمگلنگ روکنے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 23

جبکہ محکمہ موسمیات کے خشک سالی مانیٹرنگ سینٹر نے ایڈوائزری جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق سندھ میں 62، بلوچستان 52 اور پنجاب میں 38 فیصد کم بارش ہوئی۔ سندھ، بلوچستان کے جنوبی اور پنجاب کے میدانی علاقوں میں خشک سالی کی صورتحال بدستور برقرار ہے۔ پانی بحران سے فصلیں متاثرہ ہونے کا خدشہ ہے، پاکستان میں معمول سے کم بارشوں کے باعث خشک سالی کا خطرہ بڑھ گیا، محکمہ موسمیات کے خشک سالی مانیٹرنگ سنٹر نے ایڈوائزری جاری کردی۔ ایڈوائزری میں بتایا گیا کہ ملک میں حالیہ بارشوں کے باعث سے ملک کے وسطی اور بالائی علاقوں میں خشک سالی کی صورتحال میں بہتری آئی ہے، سندھ، بلوچستان کے جنوبی اور پنجاب کے میدانی علاقوں میں خشک سالی کی صورتحال بدستور برقرار ہے۔ خاص طور پر یکم ستمبر 2024 سے 21 مارچ 2025 تک پورے پاکستان میں معمول سے کم چالیس فیصد بارش ہوئی ہے، سندھ میں 62 فیصد، بلوچستان 52 فیصد اور پنجاب میں 38 فیصد بارش کی میں کمی ہوئی ہے۔ جاری ایڈوائزری میں بتایا گیا کہ دادو، تھرپارکر، ٹھٹھ، کراچی، بدین حیدرآباد، عمرکوٹ، گھوٹکی، جیکب آباد، لاڑکانہ، سکھر، خیرپور، سانگھڑ خشک سالی کی ذد میں ہیں۔ اس میں کہا گیا کہ گوادر، کیچ، لسبیلہ، پنجگور، آواران اور چاغی بھی متاثر ہیں، پنجاب میں۔ بہاولپور، بہاولنگر، اور رحیم یار خان بھی خشک سالی سے متاثر ہورہے ہیں۔ ایڈوائزری میں مزید بتایا گیا کہ تربیلا اور منگلا ڈیموں میں ذخیرہ شدہ پانی کی شدید قلت ہے، مختلف دریاؤں میں پانی انتہائی نچلی سطح پر بہہ رہا ہے، بارشوں میں کمی کے باعث آئندہ مہینوں میں بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کی وجہ سے خشک سالی کا بھی امکان ہے۔ ارسا حکام نے بتایا کہ تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح 1402 فٹ پر ہے، ڈیم میں پانی کی آمد 15 ہزار جبکہ اخراج 15 ہزار کیوسک ہے، اس کے علاوہ منگلا ڈیم میں پانی کی سطح 1068 فٹ پر ہے، ڈیم میں پانی کی آمد 17 ہزار جبکہ اخراج 14 ہزار کیوسک ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں ارسا ذرائع نے کہا تھا کہ تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح صرف 3 فٹ رہ گئی، تربیلا ڈیم کے ڈیڈ لیول پر پہنچنے پر پانی کا قابل استعمال ذخیرہ ختم ہوجائے گا۔ ارسا نے کہا کہ تربیلا ڈیم میں پانی 1402 فٹ تک زراعت کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے، دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آ؟مد 14 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا، تربیلا ڈیم سے پانی کا اخراج 20 ہزار کیوسک ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا تھا کہ ملک کے شمالی علاقوں کا درجہ حرارت کم ہونے کے باعث برف پگھلنے کا عمل انتہائی سست ہے، اسکردو سمیت شمالی علاقوں میں درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 24

ٹکر سے جاں بحق ہونے والے میاں بیوی اور نومولود بچے کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ شاہ فیصل کالونی کے علاقے ناتھا گوٹھ کی مرکزی جامع مسجد میں ادا کی گئی، جس میں امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق سمیت بڑی تعداد میں علاقہ مکینوں نے شرکت کی۔ نماز جنازہ کے موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے، ماں باپ اور نومولود کے جنازے ایک ساتھ دیکھ کر لوگ خود پر قابو نہ رکھ سکے، کئی افراد زاروقطار روتے رہے، ہر طرف سوگ کا سماں تھا۔ شہریوں نے ٹریفک حادثات پر قابو پانے میں مسلسل ناکامی پر سندھ حکومت کیخلاف اپنے شدید غم وغصے کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ 25

میکنا ئزم کا جائزہ بھی لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور صدر بینک آف پنجاب ظفر مسعود نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ کسان کارڈ کا پروگرام پنجاب کے زرعی شعبہ کی ترقی وکسانوں کی خوشحالی میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ کسان کارڈ فیز ون پروگرام کافی کامیاب رہا ہے جس سے کاشتکاروں کی بڑی تعداد مستفید ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ توقع ہے کسان کارڈ فیز ون میں کسانوں کی جانب سے ادائیگی کی شرح کافی حوصلہ افزا ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں کاشتکاروں کو قرض کی ادائیگی کے لیے بنک آف پنجاب کی برانچوں کے ساتھ رقم جمع کرانے کیلئے جاذ کیش کے ذریعے سہولت میسر ہونی چاہیے اور اس سلسلے میں سسٹم ڈویلپ کرنے کی ضرورت ہے۔ کسان کارڈ کی ریکوری کا پریڈ 15 اپریل سے 15 مئی تک کا ہے لیکن بہتر ہے کہ وہ 30 اپریل تک اپنے قرض کی ادائیگی کردیں جس کے باعث وہ یکم مئی سے کسان کارڈ فیز ٹو کے لیے اہل ہو جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ کسان کارڈ کے دوسرے فیز میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے 25 ایکڑ تک اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کو شامل کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ چھوٹا کاشت کار کبھی بھی نادہندہ ثابت نہیں ہوتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ فیز ٹو کے لیے فی ایکڑ قرض کی حد میں اضافہ کر کے 40 ہزار روپے رکھی جائے گی اور پروسیسنگ فیس کو بھی کم کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے دوسرے مرحلہ کے لیے ساڑھے سات لاکھ کسانوں کے لئے 75 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی جائے گی۔ اس کے علاوہ کسان کارڈ کے ذریعے دیگر زرعی مداخل کی خرید کے ساتھ ڈیزل کی خریداری بھی ممکن بنائی جائے گی۔ 30 فیصد کیش اور 25 فیصد ڈیزل کی سہولت بھی کسان کارڈ ہولڈر کو میسر ہوگی۔ صوبائی وزیر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ڈیزل کی سہولت کی فراہمی کے لیے پی ایس او کے 1866 پٹرول پمپس رجسٹرڈ ہو گئے ہیں جبکہ پورے پنجاب میں 3250 مارچنٹس کی رجسٹریشن کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کسان کارڈ کے فیز ون کے قرضوں کی ادائیگی کے ٹائم فریم سے کاشتکاروں کو آگاہ کرنے کیلئے سوشل میڈیا کے ذریعے پیغامات بھجوانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریکوری کے لیے محکمہ زراعت توسیع کے ضلع اور تحصیل کی سطح پر تعینات عملہ بینک آف پنجاب کے نامزد نمائندوں سے بھرپور تعاون کو یقینی بنائے گا۔ اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرل زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، بنک آف پنجاب اور پی آئی ٹی بی کے نمائندوں سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 26

فرانزک آڈٹ کیا جائے اور جن آئی پی پیز نے معاہدے کی شرائط پوری نہیں کیں ان سے معاہدے ختم کرکے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے جبکہ بجلی کی فی یونٹ قیمت میں کمی کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے۔ گزشتہ روز میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے ارحم اپریل سٹیچنگ یونٹ کے چیف ایگزیکٹو عرفان اسلم نے کہا کہ عوام پر مہنگی بجلی کے بلوں کا بوجھ آئی پی پیز سے کیے گئے غلط معاہدوں کی وجہ سے ہے، آئی پی پیز کپیسٹی کی مد میں صارفین سے 29.70 روپے فی یونٹ سے لیکر 80 روپے فی یونٹ چارج کر رہی ہیں جبکہ عوام سے ٹیکس کی مد میں اکٹھی کی جانے والی رقم سے حکومت ایک لاکھ 20 ہزار کروڑ روپے آئی پی پیز کو بند پلانٹس کی مد میں دے رہی ہے جو غریب عوام کیساتھ ظلم کے مترادف ہے لہٰذا میں سپریم کورٹ آف پاکستان سے مطالبہ کرتا ہوں کہ فوری طور پر ایک جوڈیشل کمیشن بنایا جائے جو آئی پی پیز کیساتھ کیے گئے معاہدوں، ان میں ہونے والی بے ضابطگیوں اور آئی پی پیز کو بند پاور پلانٹس کی مد میں اربوں روپے کی رقم دینے کی انکوائری کرتے سمیت بجلی بنانے والی تمام کمپنیوں کا فرانزک آڈٹ کر کے اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جائیں اور کرپشن میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کر کے عبرت کا نشان بنایا جائے۔

بقیہ 27

کی درخواست ضمانت پر 27 مارچ تک کے نوٹس جاری کردیے۔ سماعت کے دوران تفتیشی افسر کا کہنا تھا کہ اینٹی اسٹیٹ وڈیوز پوسٹ ہوئی ہیں، عدالت نے پوچھا کہ ایسی کیا ویڈیوز ہیں؟ کیس میں مدعی کون ہے؟ عدالت نے صحافی فرحان ملک سے سوال کیا کہ آپ کو مارا تو نہیں ہے؟ ہراساں تو نہیں کیا جارہا ہے؟ فرحان ملک نے کہا کہ ہمارے اسٹاف کو تنگ کیا جارہا ہے، اس پر عدالت نے تنبیہ کی کہ کسی کو تنگ کیا تو تفتیشی افسر کو شوکاز کریں گے۔ فرحان ملک کی پیشی کیموقع پر اینکرز اور سینئر صحافیوں کی بڑی تعداد عدالت میں موجود تھی، صحافی فرحان ملک کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

بقیہ 28

باشندوں کی کل تعداد 8 لاکھ 76 ہزار سے تجاوز کرگئی ، واپسی کا یہ سلسلہ جاری اور ساری ہے۔ غیر قانونی مقیم اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو پاکستان چھوڑنے کی ڈیڈ لائن ختم ہونے میں صرف 07 دن باقی رہ گئے، 23 مارچ تک پاکستان چھوڑنے والے غیر قانونی افغان باشندوں کی کل تعداد 8 لاکھ 76 ہزار 576 تک پہنچ چکی ہے اور واپسی کا یہ سلسلہ جاری اور ساری ہے، حکومت پاکستان کی جانب سے 31 مارچ تک ملک چھوڑنے کا حکم جاری کیا گیا، حکومت پاکستان کے فیصلے کے مطابق ملک چھوڑنے میں 07 دن باقی رہ گئے، حکومت کی جانب سے اس بات کی یقین دہانی کرائی گئی کہ انخلا کے دوران کسی سے بدسلوکی نہیں کی جائے گی، حکومتِ پاکستان نے واپس جانے والوں کے لیے خوراک اور صحت کی سہولیات کے انتظامات مکمل کر لیے ہیں، مقررہ تاریخ گزر جانے کے بعد متعلقہ افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 29

سکول اینڈ کالجز اڈا کھوئی کیمپس کے ڈائریکٹر رجب علی اور پرنسپل محمد تنویر کی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ چیچہ وطنی پریس کلب آمد، جہاں پر صدر مرکزی انجمن تاجران حقیقی تحصیل چیچہ وطنی چوہدری شہباز حسین کمبوہ نے ان کا استقبال کیا، اس موقع پر ڈائریکٹر مثالی زکریا گروپ آف سکول اینڈ کالجز اڈا کھوئی کیمپس رجب علی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی میدان میں مثالی زکریا گروپ آف سکول اینڈ کالجز اڈا کھوئی کیمپس اپنا لوہا منوا رہا ہے، مثالی زکریا گروپ آف سکول اینڈ کالجز اڈا کھوئی کیمپس میں نرسری تا میٹرک جدید تعلیمی تقاضوں کو مدنظر رکھ کر کروایا جارہا ہے، بچوں کو جدید تعلیمی نظام فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس سکول کے ہونہار طلبا تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر کے ادارے اور ملک کا نام روشن کر رہے ہیں۔

بقیہ 30

کروڑ 10 لاکھ کی آبادی 60 فیصد بالغ افراد پر مشتمل ہے، ملک میں 9 کروڑ 10 لاکھ انفرادی مالیاتی اداروں کے اکاونٹس موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بالغ آبادی کی بڑی تعداد کو رسمی مالیاتی خدمات تک رسائی حاصل نہیں، 15 سال میں پاکستان میں مالیاتی خدمات تیزی سے ترقی کر رہی ہیں، مالیاتی اداروں میں اکاونٹس کی تعداد 2019 سے 2024 تک 127 فیصد بڑھ چکی ہے۔ اے ڈی بی کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ مالیاتی اخراج خواتین پر مردوں کے مقابلے میں زیادہ اثر انداز ہوتا ہے، خواتین کیلئے بینکنگ سہولتوں تک رسائی مردوں کے مقابلے میں نصف ہے، ترقی پذیر ایشیا میں ایک ارب سے زائد افراد بینکنگ سہولت سے محروم ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ پاکستان میں بھی ایک بڑی تعداد بینکنگ سہولت سے محروم ہے، پاکستان میں 21 فیصد افراد کو بینک اکاونٹ یا موبائل منی تک رسائی حاصل ہے، بہت سے لوگ مالی لین دین کیلئے غیر رسمی نیٹ ورکس پر انحصار کرتے ہیں۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے رپورٹ میں یہ بھی کہا کہ ڈیجیٹل فنانس اس خلا کو پر کرنے کا ایک بڑا موقع فراہم کرتا ہے، ڈیجیٹل فنانس تیز، محفوظ اور زیادہ قابل رسائی لین دین ممکن بناتا ہے۔

بقیہ 31

اعلیٰ کے وژن سے ہم آہنگی نہ رکھنے والوں کے لیے محکمہ میں کوئی جگہ نہیں۔ مزید برآں، انہوں نے اعلان کیا کہ عیدالفطر تک کوئی ایسا ملازم نہیں ہوگا جسے تنخواہ نہ ملے۔ آرمی چیف کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مائیں اللہ کی عظیم نعمت ہیں اور غم کی اس گھڑی میں وہ آرمی چیف کے ساتھ کھڑی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے الحمراء میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت فنون لطیفہ کی ترقی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے واضح ہدایات دی ہیں کہ آرٹ اور فن کی خدمت کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ ترکی کے قونصل جنرل نے الحمرا کا دورہ کیا اور پاکستانی پینٹنگز کو بے حد سراہا۔ مزید برآں، قونصل جنرل نے اس بات کی یقین دہانی کرائی ہے کہ ترکی میں پاکستانی نوجوان فنکاروں کی پینٹنگز کی نمائش ہونی چاہیے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ موسیقی، پینٹنگ اور ڈرامہ سمیت فنون لطیفہ کے مختلف شعبوں میں بے پناہ کام ہو رہا ہے۔ طلبہ نے تین ماہ کے کورسز مکمل کرنے کے بعد اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کا اظہار کیا اور شاندار پینٹنگز تیار کیں۔ وزیر اطلاعات وثقافت نے اعلان کیا کہ پنجاب آرٹ کونسل کے زیر اہتمام گانے کے مقابلے میں اول آنے والے نوجوان کو حکومتی پلیٹ فارم سے لانچ کیا جائے گا۔ مزید برآں، 14 اپریل کو الحمرا میں کلچرل ڈے کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے حکومت کی تعلیمی پالیسی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت پنجاب کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے طلبہ کو بھی اسکالرشپس دی جائیگی۔ انہوں نے پنجاب میں جاری فلاحی منصوبوں پر بات کرتے ہوئے کہا کہ 30 لاکھ خاندانوں کو عزت ووقار کے ساتھ 10 ہزار روپے پے آرڈر دیے جا رہے ہیں، جو ایک تاریخی اقدام ہے۔ صفائی مہم کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ "ستھرا پنجاب" منصوبہ مختلف کمپنیوں کو آوٹ سورس کیا گیا ہے تاکہ ملازمین کو بروقت تنخواہیں مل سکیں۔ عیدالفطر سے قبل ہر ملازم کو اس کا حق دیا جائے گا۔ صحت کے شعبے میں اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ہسپتالوں میں بائیو میٹرک سسٹم نافذ ہونا چاہیے اور سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی ہوں گی۔ مریم نواز کا ہسپتالوں کا دورہ اسی سلسلے کی کڑی ہے، جہاں انہوں نے واضح کیا کہ اگر کوئی افسر کام نہیں کرے گا تو اسے گھر جانا ہوگا۔ پانی کے بحران پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں پانی کی شدید کمی ہے اور پنجاب میں پانی کے ذخائر میں 41 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سندھ اور دیگر صوبوں کو بھی پانی کی بہتر مینجمنٹ پر توجہ دینی ہوگی۔ ملکی سلامتی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کا خطرہ ہمیشہ موجود رہتا ہے، لیکن پنجاب کی سی ٹی ڈی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے چھ حملوں کو ناکام بنایا ہے۔ ہمارے جوان اپنی جانوں کا نذرانہ دے رہے ہیں اور ہم پہلے بھی دہشت گردی کے خلاف جنگ جیت چکے ہیں، اب بھی کامیاب ہوں گے۔

بقیہ 32

پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کی وفات کے غم میں برابر کے شریک ہیں، دکھ کی اس گھڑی میں میری ہمدردیاں لواحقین کے ساتھ ہیں۔ ایوان صدر سے جاری اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت نے آرمی چیف کی والدہ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کی وفات کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں میری ہمدردیاں لواحقین کے ساتھ ہیں۔ صدر مملکت نے مرحومہ کیلئے بلندی درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعاء کی۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے چیف آف آرمی شاف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس کیا ۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، وزیر اعظم نے مرحومہ کے لیے بلندی درجات کی دعاء کی ۔وزرائے اعلیٰ مریم نواز شریف ، سید مراد علی شاہ ، سرفراز بگٹی، علی امین گنڈا پور، صدر آزاد کشمیر، وزیر اعظم آزاد کشمیر نے بھی آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے ۔وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم غم کی اس گھڑی میں جنرل عاصم منیر اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور جنرل عاصم منیر اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل دے۔ وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس کیا ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ ماں کی جدائی ایک گہرا صدمہ ہے، ہم اس دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنرل عاصم منیر اور اہل خانہ کے لیے صبر اور حوصلے کی دعاء کی اور کہا کہ اللہ رب العزت مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ والدہ کی وفات کسی سانحہ سے کم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین۔ مملکت وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کھیئل داس کوھستانی نے چیف آف آرمی شاف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، ماں جیسی عظیم ہستی کا اس دنیا میں کوئی نعم البدل نہیں ۔ انہوں نے کہا کہ مرحومہ کے لیے بلند درجات کی دعا اللہ تعالیٰ ان کی آگے کی منزل آسان فرمائے۔ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی والدہ کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کریم مرحومہ کی کامل مغفرت فرما کر اعلیٰ علیین میں مقام عطاء فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ ماں جیسی شفیق اور پیار کرنے والی ذات کی رحلت یقیناً بڑا صدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں کا کوئی نعم البدل نہیں، رمضان کے مبارک مہینے میں مرحومہ کا اللہ کریم کے حضور پیش ہونا یقیناً بلندی درجات کا سبب ہوگا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اللہ کریم جنرل عاصم منیر، ان کی فیملی اور دیگر لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل ممبر قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کی فوتگی پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ والدین اولاد کیلئے سایہ رحمت ہوتی ہے اور شب وروز اولاد کیلئے دعا گو رہتی ہے۔

بقیہ 33

قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں ویلفیئر گرانٹس اور عیدی تقسیم کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے کہا کہ مزدور ملکی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، اور ان کے بغیر صنعت وزراعت کا پہیہ نہیں چل سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں مزدوروں کے مسائل کو نظرانداز کیا جاتا رہا، لیکن موجودہ حکومت ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس موقع پر پنجاب میں خصوصی لیبر کورٹس کے قیام عمل میں لایا جائے تاکہ مزدوروں کو فوری انصاف فراہم کیا جاسکے۔ قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ یہ قانون جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا اور جلد از جلد منظور کروایا جائے گا۔ ملک محمد احمد خان نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی عوام دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت مزدوروں کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے "ستھرا پنجاب" منصوبے کو موجودہ حکومت کی بہترین کاوش قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ صوبے میں ترقی اور خوشحالی کی راہ ہموار کرے گا۔ اس موقع پر وزیر کھیل ومحنت وانسانی وسائل پنجاب فیصل ایوب کھوکھر نے بھی شرکت کی اور کہا کہ گزشتہ حکومت کی نااہلی کے باعث مزدوروں کے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر ہوئی، مگر موجودہ حکومت نے 90 دن کے اندر تمام کیسز کلیئر کر دیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر مزدور کو 37 ہزار روپے کی امداد دی جارہی ہے، اور 1200 سے زائد شکایات کا ازالہ کیا جاچکا ہے۔ تقریب کے دوران ممبر صوبائی اسمبلی امجد علی جاوید نے بھی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے مزدور طبقے کو مستحکم کرنا ضروری ہے۔ آخر میں مزدوروں میں چیکس تقسیم کیے گئے اور انہیں یقین دہانی کرائی گئی کہ حکومت ان کی فلاح و بہبود کے لیے مزید عملی اقدامات کرے گی۔

بقیہ 34

بہاولنگر کی خاتون کاشتکار کوثر پروین کا نکلا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف خود فون کر کے کامیاب کاشتکاروں کو مفت ٹریکٹر ملنے کی مبارکباد دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے جھنگ کے محمد اقبال کو بھی خود فون کر کے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کے تحت مفت ٹریکٹر نکلنے پر مبارکباد دی جس پر کاشتکار نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا خود فون کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے منڈی بہاؤالدین کے کامیاب کاشتکار سلمان احمد سے فون کر کے بتایا کہ گندم اگاؤ قرعہ اندازی میں آپ کا مفت ٹریکٹر نکلا ہے، جس پر سوچا کہ آپ کو خود مبارکباد دوں۔ پنجاب کے کاشتکار کے لئے گرین ٹریکٹر، ٹریکٹر، کسان کارڈ، سپر سیڈر سمیت بیشمار پراجیکٹس لانچ کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی فصل ان شاء اللہ اچھی ہوگی میری عائیں کاشتکار بھائیوں کے ساتھ ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نوز شریف کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ "گندم اگاؤ" مہم میں مفت ٹریکٹر سکیم کے لئے ساڑھے 12 ایکڑ سے 57733 زائد اراضی مالک کاشتکاروں نے اپلائی کیا۔ جانچ پڑتال کے بعد 21496 کاشتکار قرعہ اندازی کے لئے اہل قرار پائے۔ قرعہ اندازی میں کامیاب ایک ہزار کاشت کاروں کو 55 ہارس پاور کے ٹریکٹر مفت دیئے جائیں گے۔ تین ماہ کے اندر تمام کاشتکاروں کو ٹریکٹر کی فراہمی شروع ہو جائے گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب میں 5 لاکھ 60 ہزار ایکٹر اراضی پر گندم کاشت کی گئی۔

بقیہ 35

معمولی خلاف ورزیوں پر خلاف ورزی کرنے والوں کو متنبہ کیا گیا اور انہیں مقررہ نرخوں پر اشیاء خورد ونوش کی فراہمی کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 36

میں مکمل کریں تاکہ شہری کو عید کے تہوار کو بھرپور سے مناسکیں، انہوں نے ان خیالات کا اظہار عیدالفطر پر خصوصی انتظامات کو جائزہ لینے کیلئے تمام محکمہ کے مقامی حکام کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اے سی ریونیو نے سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ کو ہدایت کی کہ وہ ٹرانسپورٹ مالکان سے میٹنگ کریں اور مقررہ کرایہ نامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے متحرک انداز میں کارروائی کریں اور جہاں ضرورت پڑے گی پولیس، ٹریفک پولیس اور انتظامیہ ہمہ وقت تعاون کیلئے آن کال ہوگی۔ اے ڈی سی ریونیو نے ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن کمیٹیز کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ وہ اسٹریٹس لائٹس کو روشن رکھیں اور اپنی حدود میں ٹریفک کی روانی میں خلل بننے والی تجاوزات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائیں اور عملہ تہہ بازاری کو متحرک رکھیں۔ انہوں نے تمام محکموں کے افسران اپنے دفاتر میں ایمرجنسی ڈیسک قائم کریں جہاں پر ایک ملازم ڈیوٹی پر موجود رہے جو کہ رابطہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم سے رہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری کم سے کم وقت میں ریسپانس کیا جاسکے۔ اس ضمن میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم 9250011 فعال کردیا گیا جو عوام کی سہولت کیلئے بغیر کسی تعطیل کے 24 گھنٹے فعال رہے گا۔

بقیہ 37

حملے اور حالیہ دہشت گردی کی سخت الفاظ میں مذمت کی اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے پاک فوج دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے گی۔

بقیہ 38

اپنی ٹیم کے ہمراہ ڈیلی کی بنیاد پر 500 افراد کو افطار بکس تقسیم کیے جارہے ہیں جس میں سویٹ ہوم ، مسجد شیخ السلام، دومن ایمپاورمنٹ سنٹر ایوب چوک جھنگ، بکی مسجد لوہلے شاہ اور SRCL ٹو میں ڈیلی کی بنیاد پر افطار بکس تقسیم کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 39

سامنے پیش ہوئے تھے، عون عباس سے جے آئی ٹی نے سوشل میڈیا کے حوالے سے سوال کیے۔ جے آئی ٹی آئی جی اسلام آباد کی سربراہی میں تحقیقات کررہی ہے، جے آئی ٹی الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کے ایکٹ 2016 کے سیکشن کے تحت تشکیل دی گئی۔ قبل ازیں سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا کے حوالے سے تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی نے علیمہ خان سمیت 17 افراد کو دوبارہ طلب کیا گیا تھا۔ تمام افراد کو 21 مارچ کو جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہونے کا حکم دیا گیا۔ جے آئی ٹی نے جن افراد کو نوٹس جاری کیے ہیں۔ ان میں فردوس شمیم نقوی، خالد خورشید، اسلم اقبال، حماد اظہر، عون عباس، شہباز شبیر، وقاص اکرم، تیمور سلیم، صبغت اللہ ورک، اظہر مشوانی، محمد نعمان افضل، جبران الیاس، سلمان رضا، زلفی بخاری، موسیٰ ورک، اور علی ملک شامل ہیں۔ یاد رہے کہ علیمہ خان 19 مارچ کو بھی جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہوچکی ہیں۔ جے آئی ٹی سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا کے حوالے سے تحقیقات کررہی ہے اور یہ جے آئی ٹی الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کے ایکٹ 2016 کے تحت تشکیل دی گئی ہے۔

بقیہ 40

افسران نے اپنی گزارشات پیش کیں۔ ترقی سے محروم رہ جانے والے 27 سب انسپکٹرز کی اپیلیں منظور اور کیسز اگلے پروموشن بورڈ میں زیر غور آئیں گے۔ آئی جی عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس میں میرٹ، سنیارٹی اور شفافیت کی بنیاد پر پروموشنز کا عمل بلاتعطل جاری ہے۔ افسران کی پروموشن میں شفاف کیریئر، مکمل ریکارڈ، فیلڈ تجربہ اور انٹیلی جنس رپورٹس کلیدی اہمیت کی حامل ہیں۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ مختلف عہدوں پر ترقی کے امیدوار افسران اپنی اے سی آرز، دیگر ریکارڈ مکمل رکھیں اور دیانتداری سے ملک وقوم کی خدمت کریں۔

بقیہ 41

تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت بھی فراہم کی جاتی ہے۔ پرنسپل کا مزید کہنا تھا کہ مستحق طلباء کے لیے خصوصی مراعات کا دی جائیں گی، جن میں مفت یونیفارم اور تعلیمی وظائف شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ذہین اور محنتی طلباء کو اسکالرشپ دی جائے گی تاکہ وہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں بغیر کسی مالی رکاوٹ کے جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے میں سکول انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں تاکہ ایک تعلیم یافتہ اور روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جاسکے۔

بقیہ 42

پر تعجب کا اظہار کرتے ہیں حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سرکاری سیکیورٹی واپس کرکے ان کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے اور بھی جتنے علماء ہیں، ان کو بھی سیکیورٹی دینا ان کی جان ومال کا تحفظ کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اس موقع پر جمعیت اہلحدیث ضلع جھنگ کے ذمہ داران اور اہلحدیث یوتھ فورس کے نوجوان بھی موجود تھے۔

بقیہ 43

اسکولوں کو توانائی کے جدید اور ماحول دوست نظام پر منتقل کرنا ہے بلکہ طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کرتے ہوئے، ان کے لیے ایک سازگار تعلیمی ماحول پیدا کرنا بھی اس کا بنیادی مقصد ہے۔ افتتاحی تقریب کے دوران محترمہ شازیہ بانو نے اسکول میں قائم داخلہ ڈیسک کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے خود نئے داخل ہونے والے بچوں کا اندراج کیا اور ان کے والدین سے ملاقات کر کے تعلیمی اصلاحات اور حکومتی اقدامات کے بارے میں آگاہی دی۔ انہوں نے نئے آنے والے بچوں کو خوش آمدید کہا اور ان میں کتابیں اور یونیفارم بھی تقسیم کیے، تاکہ ان کا تعلیمی سفر بہترین انداز میں شروع ہوسکے۔

بقیہ 44

کر کے ملزمہ کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے آلہ قتل بھی برآمد کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔ ڈی پی او اوکاڑہ کا کہنا ہے کہ ٹھوس شہادت اور مربوط چالان مرتب کر کے ملزمہ کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 45

کیس سسٹم میں شامل ہوگئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق کنویں سے یومیہ 240 بیرل خام تیل بھی حاصل ہو رہا ہے، تیل وگیس کی پیداوار کو سوئی ناردرن کے سسٹم سے منسلک بھی کردیا گیا ہے۔

بقیہ 46

ایک ہزار سے زائد کتوں کو گولی مار کر تلف کیا گیا، درخواست میں اینیمل برتھ کنٹرول پالیسی پر عمل درآمد کی استدعا بھی کی گئی۔ لاہور ہائی کورٹ نے کتا مار مہم کے خلاف حکم امتناع جاری کرتے ہوئے سرکاری وکیل کو ہدایات لیکر آئندہ سماعت پر پیش ہونے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 47

تصدیق کی گئی ہے کہ گلیشیئر کرنے سے 2 ٹربائن متاثر ہوئیں جب کہ 5 گھروں اور 3 ہوٹلز کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ واضح رہے کہ ناران روڈ گزشتہ 4 ماہ سے بند ہے۔

بقیہ 48

ھذا کے جنرل سیکرٹری علی رضا شیخ جو اپنی ذاتی مصروفیات کی وجہ سے ملک سے باہر ہیں آن لائن اس سلسلہ کے ساتھ جڑے رہے۔ ویلفیئر ممبر عمران اور ادارہ ھذا کے ورکر سیّد فرحان کاظمی نے بھی اپنی خدمات پیش کیں۔

بقیہ 49

اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر حافظ آباد کو رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا اسسٹنٹ ڈائریکٹر مونم عباس نے شہری سے اینٹوں کے بھٹے کی رجسٹریشن کے لیے رشوت طلب کی ' ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ کی ہدایت پر سی او حافظ آباد نے ملزم کو موقع سے گرفتار کیا' ملزم مونم عباس کو مجسٹریٹ کی موجودگی میں گرفتار کیا گیا ملزم سے موقع پر نشان زدہ نوٹ برآمد/مقدمہ درج کرلیا گیا۔

بقیہ 50

پیوستہ ہفتے میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1322 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اسی طرح 20 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے میں ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1382 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 0.12 فیصد زیادہ ہے۔ پیوستہ ہفتے میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1380 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ گزشتہ ہفتے کے دوران اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1375، راولپنڈی 1333، گوجرانوالہ 1400، سیالکوٹ 1370، لاہور 1450، فیصل آباد 1370، سرگودھا 1370، ملتان 1384، بہاولپور 1400، پشاور 1360 اور بنوں میں 1367 روپے ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح کراچی میں گزشتہ ہفتے کے دوران سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1314، حیدر آباد 1340، سکھر 1450، لاڑکانہ 1400، کوئٹہ 1450 اور خضدار میں 1337 روپے ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 51

پر موجود ڈی ایم ایس ڈاکٹر علی عمران سے دریافت کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق مریضوں کو علاج کیلئے ادویات، لیبارٹری ٹیسٹ اور دیگر طبی سہولیات بغیر مریضوں کی عزت نفس مجروح کئے فراہم کرنا ہسپتال منتظمین کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس امر کو یقینی بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کو روزانہ کی بنیاد پر انسپکشن کی ہدایت کی گئی ہے اس سلسلہ میں ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی یہ پیشہ وارانہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی پوری ایمانداری اور جانفشانی سے انجام دیں اور دکھی انسانیت کی خدمت میں کوئی کسر اٹھانہ رکھیں۔ قبل ازیں اے ڈی سی جی ایوب بخاری نے ہسپتال کے پارکنگ اسٹینڈ میں شیڈول پارکنگ فیس سے تین گنا زائد وصولی پر تشویش کا اظہار کیا اور ہسپتال انتظامیہ سے اس بابت وضاحت طلب کرلی اور ڈی ایم ایس کی موجودگی میں اوورچارجنگ کی پاداش میں ٹھیکدار کو تھانہ رنگپورہ پولیس کے سپرد کردیا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ شیڈول فیس ریٹس کا بورڈ واضح جگہ پر آویزاں کریں اور جس پر شکایت کی صورت میں فون نمبر درج کیا جائے۔

بقیہ 52

ہو جاتی ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جب پودے تقریباً ایک فٹ اونچے ہوجائیں تو ان کی جڑوں پر مٹی چڑھادیں۔ فصل کو پہلا پانی اگاؤ کے 20 دن بعد لگائیں اور کمزور زمین میں پہلے پانی کے ساتھ آدھی بوری، دوسرے پانی کے ساتھ ایک بوری اور پھول کی ڈوڈیاں بنتے وقت آدھی بوری یوریا ڈالیں جبکہ اوسط زرخیز زمین میں پہلے، دوسرے پانی اور ڈوڈیاں بنتے وقت بالترتیب آدھی بوری یوریا ڈالیں۔

بقیہ 53

مصطفیٰ اعوان اور دیگر عہدیداران نے اپنے مشترکہ تعزیتی پیغام میں کہا کہ والدہ کا سایہ سر سے اٹھ جانا زندگی کا ایک بڑا صدمہ ہوتا ہے، اور اس دکھ کی گھڑی میں ہم جنرل عاصم منیر اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے مرحومہ کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ مسلم لیگ (ن) فرانس کے رہنماؤں نے مزید کہا کہ جنرل عاصم منیر پاکستان کی خدمت میں مصروف عمل ہیں، اور ان کی والدہ کی وفات قومی سطح پر بھی ایک افسوسناک خبر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اور ان کے اہل خانہ کو یہ صدمہ صبر واستقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) فرانس کی قیادت نے اس موقع پر تمام کارکنان سے بھی درخواست کی کہ وہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے دعا کریں۔

بقیہ 54

بنایا جائے۔ دورے کے دوران انہوں نے امتحانی عملے کو ہدایت دی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور دیانت داری سے ادا کریں، تاکہ طلبہ کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے امتحانی نظم وضبط کو سراہا اور متعلقہ حکام کو مزید بہتری کے لیے ضروری ہدایات دیں۔ محترمہ شازیہ بانو نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد ہے اور اس کے فروغ کے لیے معیاری امتحانی نظام کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 55

نیلامی کی پرچی بھی 2024ء کی ہے۔ موضع علیانہ سمیت ضلع کے بیشتر علاقوں میں سرسبز درختوں کی کٹائی کا عمل جاری ہے جس پر ضلع کونسل کا عملہ خاموش تماشائی بنا ہوا ہے۔ ضلع کونسل کی جانب سے مذکورہ ویڈیو پر بھی کوئی مؤثر موقف نہیں اپنایا گیا۔ پولیس تھانہ کوٹ شاکر ضلع کونسل کے استغاثے کی منتظر دکھائی دیتی ہے۔ یاد رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے سرسبز پنجاب مہم بھی جاری ہے جس کے ثمرات تاحال اٹھارہ ہزاری میں دکھائی نہیں دیتے۔ کروڑوں روپے کے درختوں کی سرعام کٹائی پر شہریوں نے ڈپٹی کمشنر جھنگ، کمشنر فیصل آباد اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لے کر ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 56

کثیر تعداد میں شرکت کی۔ واک کے شرکاء نے فنگس کی بیماری سے بچاؤ بارے پمفلٹس اٹھار کھے تھے۔ اس موقع پر پروفیسر عاطف شہزاد اور ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین نے بتایا کہ فنگل انفیکشن سے دنیا بھر میں ہر سال لاکھوں افراد متاثر ہوتے ہیں، یہ پیچیدہ جینز انسانی جلد، ناخن اور اندرونی اعضاء پر نمودار ہوتے ہیں جس سے تکلیف اور بعض اوقات صحت کے سنگین مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اچھی صحت کو برقرار رکھنے اور پیچیدگیوں کو روکنے کے لیے ان انفیکشنز کی شناخت اور موثر طریقے سے علاج معالجہ کرنا بہت ضروری ہے۔

بقیہ 57

اور اپنی نئی نثری نظموں کی کتاب "برق فلک" سے اپنا کلام پیش کیا۔ انہوں نے صحافیوں کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سینئر صحافی سعید اختر نے سرانجام دیئے۔ تقریب کے اختتام پر صدر محفل رانا شہزاد، مہمان اعزاز ارشد ورک، سینئر صحافی و ایکٹ کمیٹی کے ارکان سعید اختر اور شہزاد فراموش نے مینا جی کو پھول اور یادگاری شیلڈ پیش کی۔ تقریب میں سینئر صحافی علامہ صدیق اظہر، لکی خان، محمد اقبال ہارپر، حبیب چوہان، نواز طاہر، حارث مرغوب، جمال احمد، طارق کامران، کرم داد بلوچ، فرخ اور دیگر شعبہ ہائے زندگی کے افراد نے بھرپور شرکت کی۔

رمضان نشریات کے نام پر بے ہودگی

اُمیدِ سحر
محمد ریاض ایڈووکیٹ
riazsurge@gmail.com

پرائیویٹ ٹی وی چینلز کی بدولت جہاں تفریح ومعلومات عامہ میں اضافہ ہوا وہیں پر شوبزنس کے ہر شعبہ میں سرکاری ٹی وی چینل کی اجارہ داری کا خاتمہ بھی دیکھنے کو ملا۔ سیانے کہتے ہیں کہ ہر شے کے مثبت اور منفی پہلو ہوتے ہیں۔ اس سنہری کہاوت کے عین مطابق پاکستانی پرائیویٹ ٹی وی چینلز پر شتر بے مہار کے مصداق معلومات عامہ، سیاست اور مذہب کے نام پر چلائے جانے والے پروگرامز اپنی تمام تر حدیں عبور کرتے دیکھائی دے رہے ہیں۔ یہ کہنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہ ہے کہ مملکت عزیز میں سیاسی عدم استحکام میں جہاں دیگر عوامل شامل حال ہیں وہیں پر بریکنگ نیوز اور ٹاک شوز کے نام پر پھیلائی جانے والی زہر آلود گفتگو اور تبصروں نے بھرپور حصہ ڈالا ہے۔ اگر بات کی جائے مذہبی پروگراموں کی، تو عالم آن لائن ایسی طرز کے پروگراموں میں حساس موضوعات کو چھیڑ کر صدیوں سے جاری فرقہ پرستی و شدت پسندی کو مزید دوام بخشا جا رہا ہے۔ پاکستان سمیت پوری دنیا میں پروگرامز دیکھنے والے مسلم وغیر مسلم یہ دیکھتے ہیں کہ کیسے مسلمان فروعی مسائل، عبادات، عقائد، نظریات، اہل بیت اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین جیسی مقدس ہستیوں کے نام پر لڑتے جھگڑتے ہیں۔ رہی سہی کسر رمضان نشریات کے نام پر چلنے والی بے ہودگی سے پوری کی جا رہی ہے۔ رمضان نشریات پروگرامز کس قدر مقدس مہینہ کی برکات کو سبوتاژ کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ اسکا اندازہ شوبز کی ہی نامور شخصیت بشریٰ انصاری جو رمضان نشریات کے نام پر ہونے والی بھیڑ چال پر یہ کہنے پر مجبور ہوئیں کہ ہر دوسرے چینل پر یہی سرگرمی چل رہی ہے۔ لوگوں کا دل بہل جاتا ہے، انہیں اچھا لگتا ہوگا، روزہ آرام سے گزر جاتا ہوگا۔ اب تو بغیر عبادت، قرآن شریف پڑھے بغیر یا تسبیحات کے بغیر، صرف رمضان نشریات دیکھ کر روزہ، روزہ نہیں فاقہ ہوتا ہے۔

سال کے گیارہ مہینوں میں ڈراموں، فلموں اور گانوں اور رقص پر اپنے فن کا مظاہرہ کرنے والے فنکار بھاری بھرکم معاوضوں پر ان پروگرامز کی میزبانی کا شرف حاصل کرتے ہیں۔ ہر روز کسی نہ کسی اداکار اور اداکارہ کو بطور مہمان مدعو کیا جاتا ہے۔ انکے ساتھ ہر طرح کی آزادانہ گفتگو کی جاتی ہے۔ صحت مندانہ سرگرمیوں اور انعام کے لالچ پر بے ہنگم اُچھل کود کروائی جاتی ہے۔ ہماری عوام کو بھی ٹرانسمیشن کا ایسا چسکا لگ چکا ہے کہ چینل اسٹوڈیو تک رسائی کیلئے سفارشیں کروائی جاتی ہیں کہ کسی صورت ٹرانسمیشن کا حصہ بن جایا جائے جس کی بدولت گفٹ پیک، کسی اداکار، اداکارہ کی زیارت کیساتھ ساتھ مختلف مسالک کے مولوی حضرات کی مسلکی اور فروعی معاملات پر لڑائی جھگڑے ایسی تفریح بھی میسر آجاتی ہے۔

ان نشریات میں مذہبی شخصیت کا روپ دھارے رنگے برنگے چرب زبان مداریوں کو بھی مدعو بھی کیا جاتا ہے۔ خودساختہ ٹیلی فون کالز منظر عام پر آتی ہیں جس پر کئی رنگ باز قسم کے مولوی حضرات مذہب کے نام پر ٹوٹکے، وظائف مہیا کرتے ہیں۔ ابھی حال ہی میں مذہبی لبادہ اوڑھے اک رنگ باز شخص بجلی کے بل کم کرنے کے لئے بجلی کے میٹر پر ہاتھ کی اُنگلی سے زم زم لکھنے کا مشورہ دے رہا تھا جسکی بدولت بجلی کا بل کم ہوجائے گا۔ اور وہی رنگ باز شخص دو دن پہلے تین مرتبہ قسم کھا کر یہ دعویٰ کر رہا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لاڑکانہ سندھ میں ایک بندے کے خواب میں آئے اور فرمایا کہ اک نجی ٹی وی چینل پر آزاد جمیل نے جو وظیفہ بتایا ہے تم بھی پڑھا کرو تنگدستی دور ہو جائے گی۔ اس من گھڑت خواب کی بناء پر یہ رنگ باز شخص رمضان کے اس خصوصی پروگرام، اسکی خاتون میزبان اور ٹی وی انتظامیہ کو مبارکباد پیش کر رہا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس بارگاہ میں یہ پروگرام قبولیت کا شرف حاصل کر چکا ہے۔ استغفراللہ۔ اب اس دعوے پر صرف اتنا ہی کہا جا سکتا ہے کہ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ صحیح حدیث کے مطابق حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”مجھ پر جھوٹ نہ باندھو کیونکہ مجھ پر جھوٹ باندھنے والا جہنم میں داخل ہوگا“۔ یہ بھی تلخ حقیقت ہے کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے جب کسی رنگ باز نے من گھڑت خوابوں سے عوام کو بے وقوف بنایا ہو۔

یہاں چند سوالات پیدا ہوتے ہیں کہ اس رنگ باز آزاد جمیل کی باتیں کیا توہین مذہب اور توہین رسالت نہیں ہیں؟ کیا پاکستان میں ان جیسے ڈرامہ باز مولویوں کا احتساب ممکن نہیں؟ کیا علماء حق ان جیسے ڈرامہ بازوں کے خلاف آواز اٹھانا پسند فرمائیں گے؟ کیا پیمرا ان جیسے ڈرامہ بازوں اور ٹی وی چینلز کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے ڈرتا ہے؟ چونکہ ماہ رمضان میں شیاطین جکڑ دیئے جاتے ہیں، مگر شیطان ابلیس بھی ماہ شعبان کی آخری ساعتوں میں جکڑے جانے سے قبل اطمینان میں ہوگا کہ میرے بعد میرے چیلے ٹی وی چینلوں پر بیٹھ پر میری کمی ضرور پوری کر دیں گے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ ریاستی سطح پر سخت اقدامات کئے جائیں اور تمام مسالک کے جید علماء کرام کو چاہئے کہ شیروانی اور جبہ پہن کر ٹی وی چینلز کی تفریح کا ایندھن بننے والے علماء کو رمضان نشریات کا بائیکاٹ کرنے کا فرمان جاری کریں اور مذہبی لبادھا اوڑھے رنگ بازوں کے خلاف آواز بلند کریں۔ تاکہ ماہ رمضان کا تقدس پامال نہ ہو پائے۔

گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول روڈو سلطان میں داخلہ مہم شروع

پرنسپل عامر عثمان کی نگرانی میں والدین اور طلباء کو زیادہ سے زیادہ داخلے کیلئے ترغیب

ادارہ طلباء کے روشن مستقبل کا ضامن، معیاری تعلیم وتربیت دی جاتی ہے، عامر عثمان

اٹھارہ ہزاری (تحصیل رپورٹر) گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول روڈو سلطان میں داخلہ مہم بھرپور طریقے سے جاری ہے۔ اس مہم کی نگرانی پرنسپل عامر عثمان کر رہے ہیں، جنہوں نے والدین اور طلباء کو زیادہ سے زیادہ داخلے کے لیے ترغیب دی ہے۔ پرنسپل عامر عثمان نے کہا کہ نرسری سے لے کر انٹرمیڈیٹ تک کے طلباء کے لیے داخلے کھلے ہیں اور والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو معیاری تعلیم کے حصول کے لیے جلد از جلد رجسٹریشن کروائیں۔ انہوں نے والدین کو یقین دہانی کرائی کہ ادارہ طلباء کے روشن مستقبل کا ضامن ہے اور یہاں معیاری

بقیہ نمبر 41

گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول شاہکوٹ نمبر 1 سولر سسٹم پر منتقل

سسٹم کی تنصیب مکمل، سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو نے باقاعدہ افتتاح کر دیا

اقدام کا مقصد تعلیمی اداروں کو توانائی کی جدید سہولیات فراہم کرنا ہے، شازیہ بانو

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ننکانہ صاحت کے تعلیمی اداروں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا سفر تیزی سے جاری ہے، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول شاہکوٹ نمبر 1 میں 1500 واٹ کے سولر سسٹم کی تنصیب مکمل کر لی گئی، جس کا باضابطہ افتتاح چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی محترمہ شازیہ بانو نے کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری (EE-W) محترمہ روبینہ شاہین، ایجوکیشن آفیسر محترمہ یاسمین حمید اور ہیڈ مسٹریس محترمہ گل زرین بھی موجود تھیں، جن کی کاوشوں سے یہ منصوبہ مکمل ہوا، اس اقدام کا مقصد نہ صرف

بقیہ نمبر 43

افتتاح
شازیہ بانو
روبینہ شاہین

سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول شاہکوٹ نمبر 1 میں سولر سسٹم کا افتتاح کرنے کے بعد دعا میں شریک ہیں

عدالت کا لاہور ڈویژن میں گولیوں سے کتا مار مہم روکنے کا حکم

انتظامیہ کی جانب سے کتوں کو غیر قانونی طریقہ سے تلف کیا جا رہا ہے، درخواست گزار

درخواست میں اینیمل برتھ کنٹرول پالیسی پر عمل درآمد کی استدعا بھی کی گئی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے لاہور ڈویژن میں گولیوں سے کتا مار مہم روکنے کا حکم دیتے ہوئے پنجاب حکومت، ڈی سی لاہور اور ایم سی ایل سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے اریج حسن سمیت دیگر کی درخواست پر سماعت کی، درخواست میں پنجاب حکومت، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈپٹی کمشنر لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ انتظامیہ کی جانب سے لاہور ڈویژن میں کتوں کو غیر قانونی طریقہ سے تلف کیا جا رہا ہے، آوارہ کتوں کو ویکسین کے ذریعے تلف کرنے کی پالیسی مرتب کی گئی تھی اس کے باوجود انتظامیہ پالیسی پر عمل درآمد کے بجائے گولی مار کر کتوں کو تلف کر رہی ہے۔ وکیل نے نکتہ اٹھایا کہ درخواست گزار کے مطابق دو ہفتوں میں

بقیہ نمبر 46

حجرہ شاہ مقیم: پولیس کی فائرنگ، ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

2 ساتھی فرار ہونے میں کامیاب، پولیس نے لوٹی گئی نقد رقم، موٹر سائیکل برآمد کر لیا

اوکاڑہ (تنویر احمد شاہین) حجرہ ڈکیتی کی واردات کرنیوالے ڈاکوؤں کا پولیس سے سامنا فائرنگ کا تبادلہ ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار 2 فرار پولیس نے لوٹی گئی نقدی رقم موٹر سائیکل اے ٹی ایم کارڈ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق حجرہ کھرل کلاں کے قریب 03 ڈاکو ناکہ لگا کر لوٹ مار کر رہے تھے ڈاکوؤں کی لوٹ مار کے دوران پولیس کو پکار 15 پر شہری قطب نثار کیساتھ ہیڈ گلیشیر روڈ نزد راجووال پل واردات کی اطلاع موصول ہوئی 3 مسلح ڈاکو اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل، شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈز اور نقدی چھین کر فرار ہوگئے پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا پولیس اور ڈاکوؤں کا کھرل کلاں کے قریب آمنا سامنا ہو گیا ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھ کر فائرنگ شروع کردی اور بسواری موٹر سائیکل پولیس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے لگے پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی جس سے ایک ڈاکو نہر کے قریب زخمی حالت میں پایا گیا زخمی ڈاکو کو گرفتار کر لیا گیا۔ زخمی ڈاکو کے قبضہ سے چھینی گئی موٹر سائیکل، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا 2 ڈاکو رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے پولیس کی بھاری نفری موقع پر موجود فرار ڈاکوؤں کو گرفتار کرنے کیلئے علاقہ کو گھیرے میں لے لیا سرچ آپریشن جاری ہے۔

دی لائف ویلفیئر سوسائٹی مستحقین کی فلاح وبہبود کیلئے سرگرم

35 خاندانوں کا راشن تقسیم، اب تک 160 فیملیز رمضان پیکیج سے مستفید

چیچہ وطنی (نامہ نگار) ادارہ دی لائف ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ کی جانب سے تیسرے مرحلے میں مزید 35 خاندانوں کا راشن اور جس میں (تھیلا آٹا، گھی، چاول، دالیں، چینی، چائے پتی، سرخ مرچ وغیرہ)، شامل ہیں۔ مستحق، لاچار، اور غریب خاندانوں میں تقسیم کر دیئے گئے، اس طرح ابتک ٹوٹل 160 خاندانوں کو راشن فراہم کیا جا چکا ہے، اس نیک اور پاک مقصد کیلئے ادارہ کے ایگزیکٹو ممبران اعظم رضا شیخ ایڈووکیٹ (ایکس صدر بار چیچہ وطنی)، شیخ بلال، آصف رضا شیخ ایڈووکیٹ، برہان صادق مقصود الحسن، حاجی جمیل کے علاوہ ادارہ

بقیہ نمبر 48

اے ڈی سی جی سیالکوٹ کا علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

ایوب بخاری نے ٹراما سینٹر میں مریضوں کو مفت دی جانیوالی سہولیات کا جائزہ لیا

لواحقین سے طبی سہولیات، لیبارٹری ٹیسٹ اور ادویات کی بابت استفسار

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایوب بخاری کا گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا رات گئے اچانک دورہ، ٹراما سنٹر میں مریضوں کو دی جانیوالی مفت ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کی سہولت کا جائزہ لیا اور مریضوں اور ان کے لواحقین سے ہسپتال میں ملنے والی طبی سہولیات، لیبارٹری ٹیسٹ اور ادویات کی بابت استفسار کیا۔ اے ڈی سی جی نے ڈاکٹر اسد پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری چیک کی اور مریضوں کے ساتھ دیکھ بھال کیلئے آئے افراد کیلئے نشستوں کے اہتمام اور بیڈ شیٹ کی تبدیلی کے طریقہ کار کے حوالے سے ڈیوٹی

بقیہ نمبر 51

سیالکوٹ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایوب بخاری گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کی انسپکشن کر رہے ہیں، ڈی ایم ایس ڈاکٹر علی عمران بھی موجود ہیں

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ سورج مکھی کی دیکھ بھال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور (پ ر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بہاریہ سورج مکھی کے اُگاؤ کے بعد جب چار پتے نکل آئیں تو کمزور اور فالتو پودوں کو اس طرح نکالیں کہ اُن کا باہمی فاصلہ 9 انچ رہ جائے۔ ڈرل کے بعد کاشتہ فصل کو پہلا پانی لگانے سے پہلے کم از کم ایک مرتبہ گوڈی ضرور کریں۔ اس سے جڑی بوٹیاں تلف ہوجاتی ہیں اور زمین میں ہوا کی آمد ورفت بہتر

بقیہ نمبر 52

ن لیگ فرانس کی جانب سے آرمی چیف کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت

پیرس (زاہد مصطفیٰ اعوان) پاکستان مسلم لیگ (ن) فرانس کے قائدین اور کارکنان نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) فرانس کے صدر میاں محمد حنیف، جنرل سیکریٹری رانا محمود علی، امیدوار برائے چیئر مین تصور حسین تارڑ۔ سینئر رہنما ملک ارشاد احمد اعوان. زاہد

بقیہ نمبر 53

لاہور، سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال سرگودھا ڈویژن کی زیر تعمیر سپورٹس سکیموں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معیاری امتحانی نظام کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے: شازیہ بانو

سی ای او ایجوکیشن ننکانہ کا گورنمنٹ گرلز ہائر سکینڈری سکول شاہکوٹ امتحانی سنٹر کا دورہ

سنٹر میں انتظامات، طلبہ کو فراہم کردہ سہولیات، عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا

ننکانہ صاحب۔(طاہر محمود) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ننکانہ محترمہ شازیہ بانو نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول شاہکوٹ میں لاہور بورڈ کے سالانہ امتحانی سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی انتظامات، طلبہ کے لیے فراہم کی گئی سہولیات، امتحانی عملے کی کارکردگی اور شفاف امتحانی عمل کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سی ای او ایجوکیشن محترمہ شازیہ بانو نے امتحانی ہالز، سی سی ٹی وی کیمروں، سیکورٹی انتظامات اور نگرانی کے نظام کا بغور معائنہ کیا اور اس بات پر زور دیا کہ امتحانات کی شفافیت کو یقینی

بقیہ نمبر 54

علامہ ہشام الٰہی ظہیر کو سیکورٹی واپس کر کے جان کا تحفظ یقینی بنایا جائے: سردار عمر حیات

جھنگ (بیورو رپورٹ) جمعیت اہلحدیث ضلع جھنگ کے امیر مولانا عمر حیات خان بلوچ نے احتجاج ریکارڈ کرواتے ہوئے کہا اس وقت ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کی لہر اور سیکورٹی تھریٹ کے باوجود قائد جمعیت اہلحدیث پاکستان ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی سرکاری سیکورٹی واپس لینے کی شدید مذمت کرتے ہیں اور ان کے اس فیصلہ

بقیہ نمبر 42

اوکاڑہ میں حافظ قرآن کے قتل کا معمہ حل، بیٹی ہی باپ کی قاتل نکلی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ میں حافظ قرآن کے قتل کا معمہ حل کر لیا گیا۔ سگی بیٹی ہی اپنے باپ کی قاتل نکلی۔ ملزمہ نے اعتراف جرم کر لیا' ملزمہ ام حبیبہ نے پسند کی شادی میں رکاوٹ بننے پر اپنے والد حافظ اللہ دتہ کو پستول کے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ تھانہ دیپالپور پولیس نے 72 گھنٹے کے اندر قتل ٹریس

بقیہ نمبر 44

اٹھارہ ہزاری میں سرسبز درختوں کی سرعام کٹائی جاری

مبینہ طور پر ضلع کونسل کے بیلدار بھی ملوث، ویڈیو وائرل، اہالیان کا احتجاج

اٹھارہ ہزاری (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب کی سرسبز پنجاب مہم تو دوسری جانب ضلع کونسل کا عملہ مبینہ طور پر سرسبز درختوں کی کٹائی کروانے لگا، ویڈیو منظر عام پر آ گئی تفصیلات کے مطابق اٹھارہ ہزاری میں پرانا خوشاب روڈ موضع علیانہ کے قریب ضلع کونسل کے بیلدار کی جانب سے درختوں کی مبینہ کٹائی کروائی گئی جس کی ویڈیو منظر عام پر آ گئی۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بیلدار کی موجودگی میں سرسبز درخت کاٹے جا رہے ہیں۔ بیلدار کی جانب سے دکھائی جانے والی درختوں کی

بقیہ نمبر 55

وزیرستان میں ایک اور کنویں سے تیل وگیس کی پیداوار شروع

پشاور (نیوز ڈیسک) خیبر پختونخوا کے علاقے وزیرستان میں ایک اور کنویں سے تیل وگیس کی پیداوار شروع ہوگئی ہے۔ ماڑی انرجیز کمپنی نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کو خط لکھ کر آگاہ کیا کہ شیوا نامی کنویں سے یومیہ 26 ملین میٹر سٹینڈرڈ کیوبک فٹ

بقیہ نمبر 45

جسمانی صفائی فنگس انفیکشن سے محفوظ رکھتی ہے: ڈاکٹر فرید

جنرل ہسپتال شعبہ امراض جلد کے زیر اہتمام فنگس کی بیماری سے متعلق آگاہی واک

لاہور (اپنے رپورٹر سے) لاہور جنرل ہسپتال شعبہ امراض جلد کے زیر اہتمام فنگس کی بیماری سے متعلق آگاہی، علامات، احتیاطی تدابیر، بچاؤ اور طریقہ علاج بارے عوامی شعور اجاگر کرنے کیلئے واک کا انعقاد کیا گیا جس میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر فریاد حسین، پروفیسر آف ڈرماٹالوجی ڈاکٹر عاطف شہزاد، ڈاکٹر وجیہہ سعید، ڈاکٹر سعدیہ صدیقی، ڈاکٹر ایماء شاہین، ڈاکٹر شائقہ علی اور ڈاکٹر ثمرین رفیع سمیت ہیلتھ پروفیشنلز نے

بقیہ نمبر 56

ناران میں جھیل سیف الملوک روڈ پر گلیشیئر گھروں اور ہوٹلز پر آ گرا

مانسہرہ (نیٹ نیوز) ناران میں جھیل سیف الملوک روڈ پر گلیشیئر گھروں اور ہوٹلز پر آ گرا۔ تفصیلات کے مطابق آبادی نہ ہونے کی وجہ سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ انتظامیہ کی جانب سے

بقیہ نمبر 47

"WE SAY KNOW FUNGUS"
National FUNGAL DISEASES Awareness Month

جنرل ہسپتال لاہور شعبہ امراض جلد کے زیر اہتمام فنگس کی بیماری سے متعلق آگاہی واک میں پروفیسر عاطف شہزاد، ایم ایس ڈاکٹر فریاد و دیگر شریک ہیں

لاہور پریس کلب میں شاعرہ میناجی کے اعزاز میں تقریب

میناجی عہد حاضر کی خوبصورت اور دلوں کو چھونے والے کلام کی حامل شاعرہ

انکے کلام میں معاشرتی کرب اور اچھوتے موضوع پائے جاتے ہیں، رانا شہزاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور پریس کلب کی آرٹ کلچر اینڈ ٹیکنالوجی کمیٹی کے زیر اہتمام ناروے میں مقیم پاکستانی نژاد معروف شاعرہ، چار کتابوں کی مصنفہ میناجی کے اعزاز میں شام منائی گئی جس کی صدارت ممبر گورننگ باڈی وایکٹ کمیٹی رانا شہزاد نے کی۔ انہوں نے کہا کہ میناجی عہد حاضر کی خوبصورت اور دلوں کو چھونے والے کلام کی حامل شاعرہ ہیں۔ ان کے کلام میں معاشرے کا کرب اور اچھوتے موضوعات پائے جاتے ہیں انکا قلم معاشرے کے نئے موضوعات کا نباض ہے۔ تقریب کے مہمان خصوصی جوائنٹ سیکرٹری پریس کلب اور ایکٹ کمیٹی کے رکن عمران شیخ مہمان اعزاز نیاز حسین لکھویرا، ناروے میں مقیم سینئر جرنلسٹ ارشد ورک اور گفتگو فورم کی روح رواں انیس احمد تھے جنہوں نے انہیں بہترین شاعرہ قرار دیا۔ نیاز لکھویرا نے کہا کہ ہمیں اب انکی پانچویں کتاب کا انتظار رہیگا۔ تقریب کا آغاز حافظ ساجد نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ پروفیسر یونس بھٹی اور شاعرہ تسنیم تصدق نے میناجی کے فن کے حوالے سے مضامین پڑھے۔ وقار احمد وقار نے ان پر لکھی نظم پڑھی۔ مہمان خصوصی میناجی نے اپنے بارے میں گفتگو کی

بقیہ نمبر 57

لاہور پریس کلب میں ممتاز شاعرہ میناجی کو سعید اختر اور شہزاد فراموش و دیگر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار

لاہور (شجاع عباس سے) اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار، اینٹی کرپشن نے

بقیہ نمبر 49

ملک میں سیمنٹ کی قیمت فی بوری 1380 روپے کی ہوگئی

اسلام آباد (کامرس ڈیسک) گزشتہ ہفتے کے دوران ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان ادارہ شماریات کے حوالے سے بتایا کہ 20 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1380 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 4.34 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ نمبر 50

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت چودھری اشرف عوامی ریلیف کیلئے متحرک

سیدوالا میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر رانا عارف کے ہمراہ موثر کارروائیاں

متعدد دکانداروں کو جرمانے، گرانفروشی کسی صورت قبول نہیں، چودھری اشرف

ننکانہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع چوہدری اشرف اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر رانا عارف شہزاد کی سیدوالہ میں کاروائیاں، اشیاء خوردونوش مہنگے داموں فروخت کرنے والے دکانداروں کو جرمانے، متعدد کو وارننگ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ننکانہ صاحب چوہدری اشرف اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر رانا عارف شہزاد نے سیدوالا مین بازار سیدوالہ کا دورہ کیا اور سبزیوں پھل، چکن وغیرہ مہنگے داموں فروخت کرنے کی شکایات کے پیش نظر فرضی گاہک بھیج کر خریداری کروائی اور مہنگے داموں اشیاء فروخت کرنے والے دکانداروں کو جرمانے کیے۔ دوران چیکنگ قیمتوں کی ریٹ لسٹ، کھادوں کی خرید وفروخت کا ریکارڈ اور حکومت کی طرف سے مقرر کردہ نرخوں پر مکمل عمل درآمد کا بھی جائزہ لیا گیا،

بقیہ نمبر 35

سیالکوٹ میں عید کی مناسبت سے ایس ڈبلیو ایم سی ملازمین کی چھٹیاں منسوخ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اقبال سنگھیڑا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق عید الفطر پر ایس ڈبلیو ایم سی کے ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں، قبرستانوں اور عیدگاہوں کی خصوصی صفائی کی جائے گی اور اہم شاہرات اور بازاروں کی چونا کاری کی جائے گی اور عید کے ایام میں زیرو ویسٹ پالیسی اپنائی جائے گی، اسی طرح پی ایچ اے اور میونسپل کمیٹیز پبلک پارکس میں گھاس اور پودوں کی تراش خراش اور صفائی کے انتظامات آئندہ تین روز

بقیہ نمبر 36

سیالکوٹ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اقبال سنگھیڑا عید الفطر کے سلسلہ میں انتظامات امور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک فوج دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے گی، آصف سلیم

دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاک فوج کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش

پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ممبر چیچہ وطنی پریس کلب کی گفتگو

چیچہ وطنی (نامہ نگار) ممبر چیچہ وطنی پریس کلب حافظ آصف سلیم نے کہا ہے کہ مارچ کے مہینے کو پاکستان کی تاریخ میں بہت اہمیت حاصل ہے کیونکہ 23 مارچ 1940 وہ دن ہے جب برصغیر میں پاکستان قائم کرنے کیلئے باقاعدہ تحریک شروع ہوئی اور اسی لئے اس دن کو اس مناسبت سے یوم پاکستان بھی کہتے ہیں، 23 مارچ 1940 کو لاہور میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں ایک قرارداد منظور کی گئی تھی جس کے ذریعے مسلمانوں کیلئے ایک علیحدہ وطن کے قیام کا فیصلہ کیا گیا تھا اور اسکے بعد پاکستان کا حصول صرف سات سال کے عرصے میں پایہ تکمیل پہنچا، یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمارے بڑوں نے سات برس کی قلیل مدت میں یقین، اتحاد اور تنظیم کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک الگ ملک کا حصول ممکن بنایا تھا، انہوں نے جعفر ایکسپریس پر

بقیہ نمبر 37

جھنگ میں وزیر اعظم کے حکم پر پاکستان بیت المال کے زیر اہتمام روزانہ افطاری باکس کی تقسیم

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف حکومت پاکستان کے احکامات کی روشنی میں ایم ڈی پاکستان بیت المال پاکستان کیپٹن (R) شاہین خالد بٹ کی سربراہی میں یکم رمضان المبارک سے 27 رمضان المبارک تک پاکستان بھر میں 50 لاکھ افراد کو روانہ کی بنیاد پر افطار باکس تقسیم کیے جا رہے ہیں جس میں ضلع جھنگ میں مظہر عباس کھمنانہ سیال اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال جھنگ بھی

بقیہ نمبر 38

مظہر عباس کھمنانہ سیال اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال جھنگ اپنی نگرانی میں افطاری باکس تیار کروا رہے ہیں

سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا، علیمہ خان آج پھر طلب

جے آئی ٹی کی گزشتہ سماعت پر علیمہ خان پیش نہ ہوئیں، وکیل حاضر ہوئیں

کیس میں علیمہ خان سمیت 17 افراد کو 21 مارچ کو طلب کیا گیا تھا، ذرائع

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سوشل میڈیا پر منفی پراپیگنڈے کے خلاف جے آئی ٹی کی تحقیقات جاری ہیں، بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کو جے آئی ٹی نے آج بدھ کو دوبارہ طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق جے آئی ٹی کی جانب سے گزشتہ طلبی پر علیمہ خان سامنے پیش نہ ہوئی تھیں۔ آئی جی اسلام آباد کی سربراہی میں جے آئی ٹی تحقیقات کر رہی ہے۔ جے آئی ٹی کے پاس شواہد موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق علیمہ خان سمیت 17 افراد کو 21 مارچ کو طلب کیا گیا تھا، تاہم علیمہ خان جے آئی ٹی کے سامنے پیش نہ ہوئیں ان کی جانب سے ان کی وکیل عائشہ خالد جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہوئیں۔ جے آئی ٹی نے گذشتہ سماعت پر علیمہ خان کے وکلا سے 5 گھنٹے سے پوچھ گچھ کی، سینیٹر عون عباس بھی جے آئی ٹی کے

بقیہ نمبر 39

آئی جی ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت ویڈیو لنک اردل روم کا انعقاد

لاہور (پ ر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت ویڈیو لنک اردل روم منعقد ہوا۔ ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون سلیمان سلطان رانا موقع پر موجود تھے جبکہ پنجاب کے مختلف اضلاع، یونٹس اور ونگز میں خدمات انجام دینے والے 49 سب انسپکٹرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ اجلاس میں گذشتہ پروموشن بورڈز میں ترقی سے محروم رہ جانے والے

بقیہ نمبر 40


SUBHAN GRAMMER SCHOOL
(REDG)
انگلش میڈیم
سبحان گرائمر سکول
داخلہ جاری ہے
معیاری تعلیم
ہماری اولین ترجیح
SUBHAN GRAMMAR SCHOOL
Boys & Girls
Cambridge Syllabus
Activity Base Learning
Play Group to Class 8th
Contact # 0345-7860065
ایڈریس: گلی جامع مسجد رحمت چراغ آباد گوجرہ روڈ جھنگ

محبوب علی خان
0300-9610182
زرعی سنٹر
امریکن پیسٹ کنٹرول
گھریلو وزرعی ادویات کا مرکز
ہر قسم کے بیج وکھاد بھی دستیاب ہے
پودوں کی بیماریوں کی روک تھام اور دیمک کے خاتمے کیلئے بھی رابطہ کریں
قینچی سٹاپ بالمقابل PEL فیکٹری فیروز پور روڈ لاہور

ضرورت کورٹ رپورٹرز

www.dailyqadamat.com ••• E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
Member APNS/CPNE
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily QADAMAT Lahore
روزنامہ قدامت لاہور
ایڈیٹر ایم گلزار مصطفائی

روزنامہ ”قدامت“ لاہور کو قصور، گوجرہ، کمالیہ، پیر محل، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، ظفر وال، نارووال، سرائے عالمگیر، خوشاب، کوٹ مومن، ساہیوال ضلع سرگودھا، جوہر آباد، پسرور، ڈسکہ، بھکر، جہلم، پنڈ دادنخان، خانیوال، میاں چنوں اور جنوبی پنجاب سے کورٹ رپورٹرز درکار ہیں۔

خواہش مند حضرات رابطہ کریں

ڈپٹی ایڈیٹر: زین ملک 0300-6975542

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا، جوائنٹ ایڈیٹر: محبوب اے خان، ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی، ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک، سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم، ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق